کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ فرزندِ کشمیر

کوئٹہ

راولاکوٹ

بانی: محمد شوکت

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

جلد18 جمعرات 22 اکتوبر 2026ء 10 جمادی الاول 1448ھ قیمت 5 روپے شمارہ نمبر 500

پاکستان مالدیپ کا مختلف شعبوں میں مفاہمت کی 20 یادداشتوں پر دستخط

شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر کا دوطرفہ تجارت کو آئندہ دو سال میں 13.9 ملین ڈالر سے بڑھا کر 200 ملین ڈالر تک لے جانے کا فیصلہ

معاہدوں کو محض دستاویزات تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائیگا، بروقت فیصلوں اور تیز رفتار عمل درآمد کو یقینی بنانے کی کوشش کی جائیگی، وزیراعظم

اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ، براہ راست فضائی رابطوں کے قیام اور مختلف شعبوں میں شراکت داری کو وسعت دینے پر اتفاق اور فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور ایک آزاد ریاست کے قیام کی حمایت اور علاقائی و عالمی امور پر تعاون جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور مالدیپ نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، سائبر سکیورٹی، ڈیجیٹل سکلز، صحت، تعلیم، دفاع، بحری سلامتی، زراعت، سیاحت، تجارت اور ماحولیاتی تحفظ سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے لیے مفاہمت کی 20 یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط کر دیئے ہیں جبکہ دونوں ممالک نے دوطرفہ تجارت کو آئندہ دو سال میں 13.9 ملین ڈالر سے بڑھا کر 200 ملین ڈالر تک لے جانے، اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ، براہ راست فضائی رابطوں کے قیام اور مختلف شعبوں میں شراکت داری کو وسعت دینے پر اتفاق اور فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور ایک آزاد ریاست کے قیام کی حمایت اور علاقائی و عالمی امور پر تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔تفصیلات کے مطابق بدھ کو پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے (بقیہ 1صفحہ 3پر)



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے مالدیپ کے صدر عالی محمد معزو ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان کو نئے انتظامی یونٹس، بہتر بلدیاتی نظام اور اضافی وسائل کی ضرورت ہے، سرفراز بگٹی

بلوچستان کو نہ صرف مزید صوبوں یا انتظامی اکائیوں کی ضرورت ہے بلکہ موجودہ صوبائی انتظامی ڈھانچے کو بھی عوامی ضروریات کے مطابق مؤثر بنانا ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کو مرکزی سیاسی جماعتوں، قومی ذرائع ابلاغ، اہلِ دانش، ملک کے تمام متعلقہ اداروں اور بالخصوص بیوروکریسی کی سنجیدہ توجہ درکار ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو درپیش گورننس کے چیلنجز سے مؤثر طور پر نمٹنے، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی بہتر بنانے اور انتظامی امور کو عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لیے صوبے میں مزید انتظامی یونٹس، مؤثر بلدیاتی نظام اور اضافی وسائل کی ضرورت ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع رقبے پر مشتمل صوبے کو صرف کوئٹہ سے بیٹھ کر مؤثر انداز میں چلانا ایک بڑا انتظامی چیلنج ہے، اس لیے ملکی سطح پر انتظامی تنظیم نو، نئے صوبوں کے قیام اور موجودہ گورننس ماڈلز کا سنجیدہ جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر قومی مکالمے کا آغاز خوش آئند ہے، تاہم ضروری ہے کہ اس بحث کو سیمینارز اور ہوٹلوں تک محدود رکھنے کے بجائے (بقیہ 2صفحہ 3پر)

پاکستان کا واضح موقف ہے کہ پانی ہماری ریڈ لائن ہے، وزیرِ اعظم

پاکستان کا پانی روکنے کی کوئی بھی کوشش جنگی اقدام تصور ہوگا، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کا واضح موقف ہے کہ پانی ہماری ریڈ لائن ہے، پاکستان کا پانی روکنے کی کوئی بھی کوشش جنگی اقدام تصور ہوگا۔ مالدیپ کے صدر کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران شہباز شریف نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کا بھارتی فیصلہ ناقابلِ قبول ہے، عالمی سطح پر تسلیم شدہ معاہدوں (بقیہ 40صفحہ 3پر)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور صوبائی سیکرٹری سوشل ویلفیئر عصمت قریش ملاقات کر رہے ہیں

مصنوعی ذہانت عوامی خدمات اور طرزِ حکمرانی کی پہلی نہیں آخری تہہ ہے، شزا فاطمہ

وفاقی وزیر نے پاکستان کے تجربات کی روشنی میں اے آئی کے محفوظ اور موثر نفاذ کیلئے چار بنیادی ستونوں کو ناگزیر قرار دیا

سیئول (این این آئی) وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت عوامی خدمات اور طرزِ حکمرانی کی پہلی نہیں بلکہ آخری تہہ ہے، ایک اے آئی ماڈل صرف اتنا ہی معیاری، منصفانہ اور قابلِ اعتماد ہوسکتا ہے جتنا کہ اس کے نیچے موجود بنیادی ڈھانچہ مضبوط ہو اور جب حکومتیں ان بنیادی اصولوں کو نظر انداز کرتی ہیں تو وہ محض ایسے پائلٹ منصوبوں تک محدود رہ جاتی ہیں جو کبھی بڑے پیمانے پر نہیں پھیل سکتے اور جن پر عوام اعتماد نہیں کرتے۔ جنوبی کوریا کے دارالحکومت سیئول میں جاری گلوبل اے آئی اینڈ ڈیجیٹل سمٹ (بقیہ 5صفحہ 3پر)

ملک وقوم کی تعمیر وترقی میں مضبوط، پائیدار اور جدید انفراسٹرکچر کا کلیدی کردار ہے، گورنر بلوچستان

ترقیاتی منصوبوں کے انتخاب میں عوامی ضروریات، معاشی افادیت، تعمیراتی پائیداری اور طویل المدتی فوائد کو بنیادی اہمیت دی جائے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر برائے کمیونیکیشن اینڈ ورکس اور پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر میر سلیم احمد کھوسہ نے ملاقات کی جس میں صوبے میں انفراسٹرکچر کی ترقی، تعمیراتی منصوبوں کی موثر منصوبہ بندی اور دستیاب وسائل کے دانشمندانہ استعمال سے متعلق امور ومعاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اس موقع پر کہا کہ ملک وقوم کی تعمیر وترقی میں مضبوط، پائیدار اور جدید انفراسٹرکچر کا کلیدی کردار ہے۔ سڑکوں، پلوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی معیاری تعمیر نہ صرف عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرتی ہے بلکہ تجارتی سرگرمیوں، معاشی ترقی اور دور دراز علاقوں کو بڑے شہروں سے مربوط کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی منصوبہ بندی کرتے وقت قلیل اور طویل المدتی ضروریات کو مدنظر رکھنا ناگزیر ہے تاکہ وقتی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ساتھ مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ پائیدار ترقی کو بھی یقینی بنایا جا سکے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہمیں منصوبوں کی بروقت تکمیل، تعمیراتی معیار کی نگرانی، شفافیت اور دستیاب فنڈز کے موثر استعمال کو ترجیح دینی ہوگی۔ اگر ترقیاتی منصوبوں کو جامع منصوبہ بندی (بقیہ 47صفحہ 3پر)

اسحاق ڈار کی مالدیپ کے صدر سے ملاقات

تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بدھ کو اسلام آباد میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو سے ملاقات کی تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم (بقیہ 3صفحہ 3پر)

وزیراعظم شہباز شریف کی رومانیہ کے نئے وزیراعظم لوکا نکولیسکو کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے لوکا نکولیسکو (بقیہ 25صفحہ 3پر)

وادی نیلم اپنے قدرتی حسن، سرسبز جنگلات اور قیمتی حیاتیاتی تنوع کے باعث خصوصی اہمیت رکھتی ہے، وزیر جنگلات

جنگلات کی حفاظت کے لیے ضروری ہے کہ مقامی آبادی کو اعتماد میں لے کر مشترکہ حکمت عملی اپنائی جائے اور عوام کو اس عمل میں مؤثر طور پر شریک کیا جائے، کرنل (ر) وقار احمد نور

نیلم (این این آئی) وزیر جنگلات، وائلڈ لائف و فشریز آزاد کشمیر کرنل (ر) وقار احمد نور نے کہا ہے کہ جنگلات قدرتی ماحول کے توازن، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات میں کمی، آبی وسائل کے تحفظ اور جنگلی حیات کی بقا کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ جنگلات کا تحفظ صرف محکمہ جنگلات کی ذمہ داری نہیں بلکہ اس قومی وقدرتی اثاثے کی حفاظت کے لیے عوامی (بقیہ 4صفحہ 3پر)

رونانک ایکسپریس وے سکھ کمیونٹی کے لئے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، عبدالعلیم خان

علیم خان کی زیر صدارت اہم اجلاس، این ایچ اے کے چار منصوبے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت مشیر وزیراعظم برائے نجکاری محمد علی کے ہمراہ اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے موٹرویز سمیت مختلف ترقیاتی منصوبوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کرنے پر غور کیا گیا جبکہ پہلے مرحلے میں این ایچ اے اور نجکاری کمیشن نے چار منصوبوں کو پی پی پی کے تحت لانے پر اتفاق کیا۔ اجلاس میں موٹروے ایم 10 کے 169 کلومیٹر طویل سیکٹر کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کرنے کی پیشکش کی گئی۔ اس کے علاوہ مانسہرہ، ناران، جھالکنڈ اور چلاس موٹروے کو چین کی سرحد سے منسلک کرنے کے منصوبے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ مانسہرہ، ناران، جھالکنڈ اور چلاس موٹروے کو چین کے بارڈر سے جوڑنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورونانک ایکسپریس وے سکھ (بقیہ 41صفحہ 3پر)

نوجوان ملک کے مستقبل کی تشکیل میں قائدانہ کردار ادا کریں، سردار مسعود خان

تعلیم یافتہ متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے نوجوان ملکی ترقی میں فعال کردار ادا کر کے قوم کی تقدیر بدل سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوانوں کو اپنی بصیرت افروز قیادت، مؤثر سفارت کاری، داخلی اصلاحات اور عالمی سطح پر تعمیری روابط کے ذریعے ملک کے مستقبل کی تشکیل کی ذمہ داری اٹھانا ہوگی۔ انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ (بقیہ 7صفحہ 3پر)

پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، سیدہ شگفتہ نورین کاظمی

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مسلح افواج پاکستان کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں

مظفر آباد (این این آئی) مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ آزاد جموں وکشمیر سیدہ شگفتہ نورین کاظمی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مسلح افواج پاکستان کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں وطن عزیز کے دفاع، امن و امان کے قیام اور ملک دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنانے کے لیے پاک فوج اور دیگر سکیورٹی اداروں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔

ناروے کے سفیر سگوالڈ ہاؤگ کی چیئر مین سی ڈی اے سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور اور تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ناروے کے سفیر مسٹر سگوالڈ ہاؤگ نے چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد، مسٹر سہیل اشرف سے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز اسلام آباد (بقیہ 8صفحہ 3پر)

شاہراہوں پر لوٹ مار، بارڈرز بندش سے حالات خراب ہر گھر و خاندان بری طرح متاثر ہیں

سیاست و جمہوریت کو دبانے، سیاسی کارکنان کے نام فورتھ شیڈول میں ڈالنے کے بجائے حکومت امن وامان کی بحالی پر توجہ دے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کو سیاسی کارکنان کے نام فورتھ شیڈول میں شامل کرنے کے بجائے صوبے میں امن و امان کی بحالی، جبری گمشدگیوں کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر توجہ دینی چاہیے۔ بلوچستان میں بدامنی عروج پر ہے، (بقیہ 11صفحہ 3پر)

اسحاق ڈار سے صدر مالدیپ کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیراعظم ہاؤس میں استقبالیہ تقریب، مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے معزز مہمان کو سلامی دی، گارڈ آف آنر پیش

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے ملاقات کی جس میں مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیر خارجہ نے مالدیپ کے صدر اور ان کے وفد کا پاکستان آمد پر پرتپاک خیر مقدم کیا، اسحاق ڈار نے صدر مملکت اور وزیراعظم کی جانب سے مالدیپ کے صدر کو نیک (بقیہ 12صفحہ 3پر)

محسن نقوی اور طلال چوہدری کی مرحومہ طالبہ لائبہ اعجاز کے گھر آمد، اہلخانہ سے تعزیت اور کیس کی پیشرفت سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے وفاقی دارالحکومت کے سیکٹر جی نائن میں مرحومہ طالبہ لائبہ اعجاز کی (بقیہ 9صفحہ 3پر)

احد چیمہ سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات، اقتصادی اصلاحات اور ترقیاتی ترجیحات میں تعاون پر تبادلہ خیال

حکومت معاشی ترقی کے فروغ کے لیے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسیاں اپنا رہی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور پاکستان و برطانیہ کے درمیان تعاون کے امکانات پر گفتگو ہوئی۔ برطانوی ہائی کمشنر نے وفاقی وزیر کو 2027 کے (بقیہ 10صفحہ 3پر)

طلال چوہدری کی مالدیپ کے وزیر داخلہ سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات اور تعاون کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال

پاکستان مالدیپ کے ساتھ داخلی سلامتی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مابین تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کا خواہاں ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے مالدیپ کے وزیر داخلہ علی احسان نے اہم ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران غیر قانونی امیگریشن، انسانی اسمگلنگ اور منظم جرائم کی روک تھام کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون کو فروغ دینے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے دوست ممالک کے ساتھ سکیورٹی تعاون اور پیشہ ورانہ تجربات کے تبادلے کو خصوصی (بقیہ 46صفحہ 3پر)



اسلام آباد: مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو وزیراعظم ہاؤس میں گارڈ آف آنر کا معائنہ کر رہے ہیں

یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ تعلیم کے بورڈ آف اسٹڈیز کا چھٹا اجلاس

تربت (این این آئی) یونیورسٹی آف تربت کے شعبہ تعلیم کے بورڈ آف اسٹڈیز کا چھٹا اجلاس شعبے کی چیئرپرسن محترمہ رقیہ میروانی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جامعہ تربت (بقیہ 6صفحہ 3پر)

ٹو پالیسی پر آئی ایم ایف سے ورچوئل مذاکرات کا فیصلہ، اضافی ٹیکس کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے نئی آٹو پالیسی پر عالمی مالیاتی (بقیہ 16صفحہ 3پر)

پاکستان ٹیکس بار نے آئرس میں کم از کم ٹیکس کیلکولیشن میں غلطی پر وفاقی ٹیکس محتسب کو شکایت درج کرادی

ایف بی آر کو قانونی تقاضوں کے مطابق نظام کی اصلاح کیلئے ضروری اقدامات کی ہدایت کی جائے، صدر شیخ احسان الحق

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے آئرس میں کم از کم ٹیکس کی کیلکولیشن میں غلطی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی ٹیکس محتسب کو شکایت درج (بقیہ 13صفحہ 3پر)

بلدیاتی انتخابات سے متعلق شیڈول جاری کیا جائے، الیکشن کمیشن نے حکم جاری کردیا

اگر 2015 کے قانون کے تحت انتخابات کروائے جائیں تو حلقہ بندیوں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، چیف الیکشن کمشنر

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 2015 کے بلدیاتی قانون کے تحت کروانے کا حکم دے دیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں پانچ رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ سیکرٹری داخلہ اور الیکشن کمیشن حکام پیش ہوئے۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے کمیشن کا مختصر حکم نامہ بھی پڑھ کر سنایا جس میں اسلام (بقیہ 17صفحہ 3پر)

بیرسٹر گوہر نے پارٹی اراکین کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے روک دیا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پارٹی اراکین کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے روک دیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر سے (بقیہ 15صفحہ 3پر)

ایران امریکا ثالثی سے متعلق امور پارلیمان میں پیش نہیں کیے گئے، رضا ربانی

قومی سلامتی کے اہم امور پر پارلیمان میں کوئی بحث نہیں ہوئی، وفاقی حکومت آئین کے آرٹیکل 91 کی شق 6 کو فراموش نہ کرے، سابق چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی نے (بقیہ 14صفحہ 3پر)

پائیدار معاشی بنیادوں کے بغیر قومی سلامتی اور ترقی کے ثمرات دیرپا نہیں ہو سکتے، احسن اقبال

علاقائی امن کے فروغ اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کے لیے پاکستان کے سفارتی کردار کو عالمی سطح پر غیر معمولی پذیرائی ملی ہے، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ علاقائی امن کے فروغ اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کے لیے پاکستان کے سفارتی کردار کو عالمی سطح پر غیر معمولی پذیرائی ملی ہے، تاہم ان کامیابیوں کو پائیدار معاشی ثمرات میں تبدیل کرنے کے لیے برآمدات پر مبنی معیشت کی تشکیل ناگزیر ہے۔ بدھ کو امریکا ایران جنگ کے بعد: پاکستان کے لیے امن اور معاشی ثمرات کے موضوع پر منعقدہ کانکلیو اور گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کو اپنی (بقیہ 42صفحہ 3پر)

آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ایک قومی مسئلہ ہے، مہر اللہ بادینی

صرف کوئٹہ تک محدود نہیں بلکہ ملک کے مختلف علاقوں میں بھی سامنے آ رہا ہے، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے کہا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ایک قومی مسئلہ ہے، جو صرف کوئٹہ تک محدود نہیں بلکہ ملک کے مختلف علاقوں میں بھی سامنے آ رہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے اس صورتحال میں ذخیرہ اندوزی اور خودساختہ گرانفروشی کی روک تھام کے لیے اقدامات کیے ہیں تاکہ کوئی بھی شخص اس بحران سے ناجائز فائدہ نہ اٹھا سکے۔ کھلی کچہری کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے بتایا کہ فوڈ ڈیپارٹمنٹ اور انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کے اشتراک سے آٹے کی قیمتوں کا تعین کرنے کے لیے ہفتہ وار بنیادوں پر جائزے کا طریقہ کار وضع کیا گیا ہے، جس کے تحت آٹے کی مناسب قیمت کا تعین کیا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ کی پرائس کنٹرول کمیٹیاں اپنے متعلقہ سب ڈویژنز اور تحصیلوں میں مقررہ نرخوں پر عمل درآمد یقینی بنائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ انسدادِ گداگری کارروائیاں ضلعی انتظامیہ کی ماہانہ کارکردگی (بقیہ 45صفحہ 3پر)



اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان کی انتظامی تنظیم نو پر قومی مباحثے اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق نشست میں اظہار خیال کر رہے ہیں

27 اکتوبر جموں وکشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، ترجمان

ظلم وجبر کشمیریوں کی آزادی کی امنگوں کو دبا نہیں سکتا، کل جماعتی حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے جبر واستبداد پر مبنی بھارتی ہتھکنڈے، حقِ خود ارادیت کے جائز مطالبے کے لیے کشمیریوں کے عزم اور جدوجہد کو دبانے میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس (بقیہ 23صفحہ 3پر)

وزیراعظم اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے درمیان ملاقات، وفود کی سطح پر بات چیت

اقتصادی، تجارتی اور سفارتی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے اور باہمی اعتماد وتعاون کی نئی راہیں کھولنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور مالدیپ نے اقتصادی، تجارتی اور سفارتی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے اور باہمی اعتماد وتعاون کی نئی راہیں کھولنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے (بقیہ 24صفحہ 3پر)

مقبوضہ کشمیر کے 83 فیصد گھرانوں کو پانی کی قلت کا سامنا

پانی کا بحران خواتین کے کام اور بچیوں کی تعلیم پر اثر انداز ہو رہا ہے، تحقیق

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں پانی کی قلت دیہی خواتین کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن رہی ہے۔ ایک سروے کے دوران 95 فیصد خواتین نے بتایا کہ انہیں پانی سے متعلق کاموں کی وجہ سے جسمانی اور ذہنی تھکن کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یونیورسٹی آف کشمیر کی ایک تحقیق سے انکشاف ہوا ہے کہ 83 فیصد گھرانوں کو پانی کی قلت کا سامنا ہے۔ یہ تحقیق یونیورسٹی کے 'سینٹر فار ویمن اسٹڈیز اینڈ ریسرچ' کی سینئر اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر شازیہ ملک کی زیر قیادت کی گئی۔ اس تحقیق کا دائرہ کار (بقیہ 18صفحہ 3پر)

سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی سے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے علاقائی معززین، عمائدین اور معتبر شخصیات کی ملاقات

حب (این این آئی) دریجی بھوتانی ہاؤس دریجی میں سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی سے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے علاقائی معززین، عمائدین اور معتبر شخصیات نے ملاقات کی اس موقع پر باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی صورتحال اور عوامی مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا (بقیہ 19صفحہ 3پر)

آئینی عدالت، اے ٹی سی ججز قبل از مدت ہٹانے کا نوٹیفکیشن کالعدم

عمر کی نئی حد سابقہ تقرریوں پر لاگو نہیں ہوتی، آئینی عدالت: سندھ ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے انسدادِ دہشت گردی عدالت نمبر 4 کراچی کے جج کو بحال کر دیا ہے جنہیں انسدادِ دہشت گردی (سندھ ترمیمی) ایکٹ 2025 کے بعد ڈی نوٹیفائی کر دیا گیا تھا۔ وفاقی آئینی عدالت نے انسدادِ دہشتگردی عدالتوں کے ججوں کو مقررہ مدت سے پہلے عہدے سے ہٹانے کا حکومتی نوٹیفکیشن غیرقانونی قرار دے دیا۔

بھارت میں مسلمانوں کو ہندو انتہاپسند عناصر کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا، جاوید اقبال بڈھانوی

مسلمانوں کے خلاف مبینہ ظلم وزیادتی، امتیازی سلوک اور انہیں معاشی وسماجی طور پر دباؤ میں رکھنے کے واقعات انتہائی تشویشناک ہیں

نکیال (این این آئی) سابق وزیر خوراک پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما جاوید اقبال بڈھانوی نے کہا ہے کہ بھارت اور مودی سرکار ہندوتوا کی انتہاپسندانہ سوچ میں اس قدر آگے بڑھ چکے ہیں کہ بھارت میں مسلمان غیر محفوظ ہو چکے ہیں مسلمانوں کو ہندو انتہاپسند عناصر کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔

حکومت معاشی ترقی کے فروغ کے لیے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسیاں اپنا رہی ہے، احد چیمہ

احد چیمہ سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات، اقتصادی اصلاحات اور ترقیاتی ترجیحات میں تعاون پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور پاکستان و برطانیہ کے درمیان تعاون کے امکانات پر گفتگو ہوئی۔ برطانوی ہائی کمشنر نے وفاقی وزیر کو 2027 کے لیے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بورڈ آف گورنرز کا چیئرمین مقرر ہونے پر مبارک باد دی۔ وفاقی وزیر نے ان کی نیک خواہشات کا خیرمقدم کیا۔ ملاقات میں وفاقی وزیر احد چیمہ نے زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر اہم شعبوں کو مضبوط بنانے کے لیے وزیراعظم کی ترجیحات کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت معاشی ترقی کے فروغ کے لیے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسیاں اپنا رہی ہے۔ احد چیمہ نے کہا کہ حکومت ترقیاتی شراکت داروں اور کثیر جہتی سرمایہ کاری کو بھرپور معاونت فراہم کر رہی ہے، جبکہ تعاون اور سرمایہ کاری کو مزید سہل بنانے کے لیے بھی کام جاری (بقیہ 43صفحہ 3پر)

اسلام آباد میں 150 سوسائٹیاں غیرقانونی ہیں، کارروائی کر رہے ہیں، محسن نقوی

ماڈل جیل کا چند دن میں افتتاح ہوگا، اڈیالہ جیل سے اسلام آباد کے تمام قیدی ماڈل جیل منتقل ہوں گے، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں 150 سوسائٹیاں غیرقانونی ہیں، جن کے خلاف کام کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملپور علاقے کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں 150 سوسائٹیاں غیرقانونی ہیں، ان تمام غیرقانونی سوسائٹیوں کے خلاف کام کر رہے ہیں، جہاں بھی سرکار کی زمین پر قبضہ ہوگا وہ واگزار کروائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اسلام آباد میں نیشنل ہیریٹیج میوزم بنا رہے ہیں، غیرقانونی قبضہ کرنے والوں کے علاوہ قبضے پر آنکھیں بند کرنے والے سی ڈی اے ملازمین کے خلاف بھی کارروائی ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے بہارہ کہو میں قبضے کی زمین واگزار کرانے (بقیہ 44صفحہ 3پر)



کوئٹہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے سابقہ ایم پی اے نصر اللہ زیرے ملاقات کر رہے ہیں

جھل مگسی نامعلوم مسلح افراد نے ایک سرکاری ملازم کو اغواء کرلیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی نامعلوم مسلح افراد نے ایک سرکاری ملازم کو اغواء کرلیا پولیس کے مطابق ضلع جھل مگسی کے علاقے پولیس تھانہ گنداواہ کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر سکول جاتے ہوئے سرکاری ملازم رشید احمد ولد محمد صدیق کو اغواء کر کے اپنے ساتھ لے گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی (بقیہ 21صفحہ 3پر)

بلوچستان، ہندو برادری کے مذہبی تہوار میں ملک بھر سے یاتریوں کی شرکت

سینیٹر دنیش کمار کی بہترین انتظامات کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت کی تعریف

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے تاریخی مذہبی مقام ہنگلاج ماتا استھان میں نوراتری کے موقع پر درگا اشٹمی کی پُروقار تقریبات منعقد ہوئیں، جن میں ملک بھر سے (بقیہ 20صفحہ 3پر)

تمبو کے علاقے میں قبائلی جرگے میں فائرنگ سے تین افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو باباکوٹ میں ہونے والے قبائلی جرگے کے دوران ایک فریق کی دوسرے فریق پر شدید فائرنگ سے تین افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردیا گیا ایک کی حالت سخت تشویشناک دوران فائرنگ سے بھگ دڑ مچ گئی پولیس کے مطابق تمبو باباکوٹ میں لہڑی اور رند اقوام کے درمیان تنازعے پر جرگے کے (بقیہ 22صفحہ 3پر)



کوئٹہ: ایک شخص سڑک کنارے لگی دکان سے تولیہ اور چٹائیاں خرید رہا ہے

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily FARZAND-E-KASHMIR
روزنامہ فرزندِ کشمیر
چیف ایڈیٹر: محمد شوکت

چیف ایڈیٹر وپبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391
فیکس نمبر:۔ 0512204192, 0812869207,
نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولا کوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

مکہ دفاعی معاہدہ: حرمین شریفین کا تحفظ اور خطے کا توازن

مسلح افواج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ کے سربراہ (ڈی جی آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا ہے کہ حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، مقدس مقامات پر حملوں پر عوام، سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم و غصہ ہے۔ انڈیپینڈنٹ عربیہ کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ پاکستان کا موقف بالکل واضح اور دوٹوک ہے۔ پاکستان کا پیغام سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی سامنے آ چکا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ بہت کم وقت میں آگے بڑھا ہے، یہ معاہدہ تین ممالک کی سوچ کا مجموعہ ہے۔ تنازعات کے اتار چڑھاو؟ کسی بھی سطح پر بڑھانے سے کسی ملک کو کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ مشرقِ وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے۔

ادھر، پاکستان میں تعینات ہونے والے سعودی عرب کے نئے سفیر ڈاکٹر راجح طامی الیقمی نے جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی کا دورہ کیا جہاں انھوں نے آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے اہم ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور خطے کی مجموعی سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ؟ خیال کیا گیا۔ دونوں معزز شخصیات نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے فریم ورک کے تحت اب تک ہونے والی پیش رفت پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دفاعی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور سٹریٹجک کوآرڈینیشن کو مزید مستحکم اور مو؟ ثر بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

دوسری جانب، سعودی دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے پر گزشتہ دنوں ہونے والے حوثیوں کے حملوں میں 17 پاکستانی شہریوں کے زخمی ہونے کی تصدیق کی گئی ہے جن میں پانچ خواتین بھی شامل ہیں۔ کنگ خالد انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر 10 اکتوبر کی سہ پہر ہونے والے حملے میں 12 افراد جان سے گئے جبکہ 309 افراد زخمی ہوئے تھے جبکہ اتوار 11 اکتوبر کو ریاض ایئر پورٹ پر حوثیوں کے دوسرے حملے میں ایک پاکستانی شہید جبکہ 11 افراد زخمی ہوئے تھے۔ علاوہ ازیں، یمن کی مسلح افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ حوثی باغیوں کے ٹھکانوں پر 24 گھنٹوں کے دوران 1326 حملے کیے گئے جن میں تقریباً 370 جنگجوؤں کو ہلاک بنایا گیا جبکہ درجنوں فوجی گاڑیوں اور دیگر عسکری تنصیبات کو تباہ یا ناکارہ کر دیا گیا۔ حوثیوں کے اجتماعات، فوجی گاڑیوں، قلعہ بند ٹھکانوں اور فائرنگ کی پوزیشنز کو نشانہ بنایا گیا۔ کارروائی میں جنگی طیاروں اور ڈرونز نے بھی حصہ لیا۔

مشرقِ وسطیٰ میں اس وقت جو صورتحال بنی ہوئی ہے اسے سمجھنے کے لیے ذرا پیچھے جانا ہو گا۔ ستمبر 2025 میں پاکستان اور سعودی عرب نے ایک باہمی تزویراتی دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے جس کے تحت کسی ایک ملک کے خلاف جارحیت کو دونوں کے خلاف جارحیت تصور کیا جانا تھا۔ اس کے بعد اس سال 7 اگست کو مکہ مکرمہ میں سربراہی اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور ترک صدر رجب طیب ایردوان نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔ یوں دوطرفہ رشتہ تین ملکوں کے دفاعی دائرے میں بدل گیا۔ معاہدے کا مرکزی نکتہ یہ بتایا گیا کہ تینوں میں سے کسی ایک پر مسلح حملہ سب پر حملہ سمجھا جائے گا اور اجتماعی ڈیٹرنس کو مضبوط بنایا جائے گا۔

اس دوران دفاعی سفارت کاری کی رفتار بھی تیز ہوئی ہے۔ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے عسکری سربراہان نے ریاض میں ملاقات کی اور مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے فوری نفاذ کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس اجلاس میں مکہ مکرمہ اور مملکت کے شہری و معاشی ڈھانچے کو نشانہ بنانے والے حملوں کی مذمت کی گئی اور انٹیلی جنس کے تبادلے، فوجی ہم آہنگی اور صلاحیتوں کے انضمام پر بات ہوئی۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے بھی کہا کہ اگر حوثیوں کی جانب سے مزید خطرات سامنے آئے تو پاکستان اپنے دستیاب عسکری وسائل سعودی عرب کو فراہم کرے گا۔ یہ بیانات واضح کرتے ہیں کہ معاہدہ کاغذ سے نکل کر عملی تعاون کی طرف بڑھ رہا ہے۔

پاکستان کی طرف سے بار بار یہ کہا جانا کہ اتحاد کے دروازے ان ممالک کے لیے کھلے ہیں جو اس کی ذمہ داریوں اور مشترکہ سلامتی کے مفادات سے اتفاق کرتے ہیں، اس بات کی علامت ہے کہ اسلام آباد اسے ایک ارتقا پذیر سکیورٹی ڈھانچا سمجھتا ہے۔ یہ سوچ اگر عملی صورت اختیار کرے تو اسلامی دنیا کے اندر باہمی اعتماد کی بحالی کا ذریعہ بن سکتی ہے کیونکہ مسلم ممالک کی سب سے بڑی کمزوری ہمیشہ باہمی اختلافات اور بداعتمادی رہی ہے۔ تاہم یہ تبھی ممکن ہے جب اتحاد کی شفافیت برقرار رہے اور اسے مسلکی یا گروہی زاویے میں نہ دیکھا جائے۔

حرمین شریفین کا معاملہ اس پورے منظرنامے میں سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کسی ایک ملک کی ملکیت نہیں بلکہ پوری امت کا مشترکہ سرمایہ ہیں۔ جب ان کی طرف میلی آنکھ اٹھتی ہے تو فرقوں، سیاسی نظریات اور ملکی سرحدوں سے بالاتر ہو کر ہر مسلمان کا دل زخمی ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں حکومت، فوج اور عوام کے درمیان اس معاملے پر غیر معمولی یکجہتی دکھائی دیتی ہے مگر جذبات کی یہ شدت پالیسی سازوں سے کہیں زیادہ ذمہ داری کا تقاضا بھی کرتی ہے کیونکہ محض جذبات سے مغلوب ہو کر کیے گئے فیصلے اکثر وہ نتائج لاتے ہیں جن کا بوجھ برسوں تک اٹھانا پڑتا ہے۔

اس لیے آگے بڑھتے ہوئے بیک وقت دو حوالے ساتھ ساتھ چلنے چاہئیں، ان میں سے پہلا حوالہ ڈیٹرنس کا ہے، یعنی یہ واضح پیغام دیا جائے کہ مقدس مقامات اور سعودی سرزمین پر حملے کی قیمت چکانی پڑے گی، اور دوسرا حوالہ سفارت کاری کا ہے، یعنی ان تمام فریقوں سے رابطہ کیا جائے جن کے اثر و رسوخ سے کشیدگی کم ہو سکتی ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی گفتگو میں بھی یہی توازن جھلکتا ہے۔ ایک طرف عزم کی پختگی اور دوسری طرف مذاکرات کو ناگزیر قرار دینا، یہی وہ حکمتِ عملی ہے جو پاکستان کو اس بحرانی کیفیت میں کسی بڑی پریشانی کا شکار ہونے سے بچا سکتی ہے۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اصل میں ایک امتحان بھی ہے اور موقع بھی۔ امتحان اس لیے کہ اس کا حصہ بننے والے ممالک کو اپنے اعلان کردہ دفاعی اور غیر جارحانہ کردار پر قائم رہ کر دکھانا ہے اور موقع اس لیے کہ اگر تینوں ممالک اپنی صلاحیتوں کو دانش مندی سے استعمال کریں تو یہ معاہدہ خطے میں جنگ کی آگ بجھانے میں کردار ادا کر سکتا ہے۔ ریاض کے ہوائی اڈے پر زخمی ہونے والے پاکستانی اور شہید ہونے والا ہمارا ہم وطن اس بات کی یاد دہانی ہیں کہ امن کوئی تجریدی تصور نہیں بلکہ انسانی جانوں کا مسئلہ ہے۔ اس مسئلے کا حل طاقت اور تدبر کے امتزاج ہی سے نکالا جا سکتا ہے۔

وزیراعظم کے سلامتی اور امن وامان کیلئے اقدامات

اسد اللہ غالب

پاکستان کی بقا، ترقی اور خوشحالی کا دارومدار وفاق کی مضبوطی اور تمام اکائیوں کے مابین مثالی ہم آہنگی پر منحصر ہے۔ کسی بھی جمہوری معاشرے میں مرکز اور صوبوں کے تعلقات آئین کے طے شدہ اصولوں کے مطابق آگے بڑھتے ہیں، جہاں باہمی احترام اور قومی سلامتی کو ہمیشہ ذاتی یا سیاسی مفادات پر ترجیح دی جاتی ہے۔ گزشتہ ڈھائی سالوں کے دوران، وفاقی حکومت اور بالخصوص وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک کو درپیش معاشی اور سکیورٹی چیلنجز سے نکالنے کے لیے ''مفاہمت اور میثاقِ معیشت'' کا ایک ایسا وژن پیش کیا جس کا مقصد سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنا تھا۔ خیبر پختونخوا، جو کہ طویل عرصے سے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن کا کردار ادا کر رہا ہے اور جس کے غیور عوام نے لازوال قربانیاں دی ہیں، وفاق کی خصوصی توجہ کا مرکز رہا۔ وفاق نے ہمیشہ اس بات کو محسوس کیا کہ اس اہم صوبے کی معاشی بحالی، انفراسٹرکچر کی ترقی اور امن و امان کا قیام پورے پاکستان کے استحکام سے جڑا ہوا ہے۔ یہی وجہ تھی کہ سیاسی اختلافات کے باوجود، وفاق نے صوبائی قیادت کے ساتھ ہر سطح پر مذاکرات، مشاورت اور تعاون کے دروازے کھلے رکھے تا کہ ایک مشترکہ حکمتِ عمل کے تحت عوامی مسائل کو حل کیا جا سکے اور ملک کو انتشار کی سیاست سے بچا کر تعمیر و ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔ اس طویل آئینی و سیاسی صبر کا مقصد صرف یہ تھا کہ وفاق اور صوبے کے درمیان کوئی ایسی خلیج پیدا نہ ہو جو ملکی سلامتی کے لیے نقصان دہ ثابت ہو، اور اسی لیے مرکز نے آخری حد تک لچک کا مظاہرہ کیا۔

وزیراعظم محمد شہباز شریف کا گوجرانوالہ کی تقریب اور وفاقی کابینہ کے حالیہ اجلاس میں دیا گیا بیان دراصل اسی مخلصانہ کوششوں اور اس کے بعد پیدا ہونے والی شدید انتظامی مجبوریوں کا احاطہ کرتا ہے۔ وزیراعظم نے نہایت دردمندی اور سنجیدگی کے ساتھ اس حقیقت کو آشکار کیا کہ وفاق نے گزشتہ ڈھائی سال کے طویل عرصے میں صوبائی حکومت کے ساتھ پائیدار ورکنگ ریلیشن شپ قائم کرنے کی ہر ممکن حد تک کوشش کی تا کہ کسی انتہائی قدم کی نوبت نہ آئے۔ وفاق کی نیت ہمیشہ یہ رہی کہ صوبے کے مالیاتی حقوق، سکیورٹی کی ضروریات اور ترقیاتی فنڈز کے معاملات کو بیٹھ کر، افہام و تفہیم کے ساتھ حل کیا جائے، اور اس سلسلے میں حکومت کی بنائی گئی مذاکراتی کمیٹی نے آخری وقت تک صوبے کی انتظامیہ کو قائل کرنے کی مخلصانہ کوشش کی تا کہ باہمی اتفاق سے ایک مثبت راستہ نکالا جا سکے۔ تاہم، صوبائی سطح پر عدم تعاون اور مسلسل محاذ آرائی کے رویے کے باعث جب پرامن حل اور مفاہمت کے تمام راستے مسدود ہو گئے، تو وفاق کے لیے ملک اور صوبے کے وسیع تر مفاد میں آئینی اقدامات اٹھانا ایک ناگزیر مجبوری بن گیا کیونکہ اس حتمی موڑ پر ریاست کے پاس نظم و نسق سنبھالنے اور آئین کا تحفظ کرنے کا کوئی دوسرا قانونی راستہ باقی نہیں بچا تھا۔

اس فیصلے کے پیچھے سب سے بڑی اور بنیادی مجبوری خیبر پختونخوا میں دہشت گردی اور عسکریت پسندی کے واقعات میں ہونے والا تشویشناک اضافہ تھا، جس سے نمٹنے کے لیے نیشنل ایکشن پلان کے تحت مرکز اور صوبے کے مابین جس ہم آہنگی کی ضرورت تھی، وہاں سے وہ تعاون حاصل نہیں ہو پا رہا تھا۔ جب کسی بھی خطے میں سکیورٹی کے سنگین چیلنجز درپیش ہوں اور مقامی مشینری قانون نافذ کرنے والے اداروں کی معاونت کرنے کے بجائے مسلسل سیاسی احتجاج اور وفاق کے خلاف محاذ آرائی کو اپنا شعار بنا لے، تو وفاق کے لیے خاموش تماشائی بنے رہنا ممکن نہیں رہتا۔ وزیراعظم نے واضح کیا کہ اس انتظامی مہم جوئی کی وجہ سے مرکز اور صوبے کے مابین ایک بڑے مسلح تصادم اور بڑے پیمانے پر خون خرابے کا شدید خطرہ پیدا ہو چکا تھا، جسے روکنا اور عام شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کرنا حکومت کی اولین آئینی ذمہ داری تھی۔ چنانچہ، ملک کو داخلی بدامنی اور خون ریزی کی دلدل میں دھکیلنے کی ہر کوشش کو ناکام بنانے اور صوبے میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کو قابو میں رکھنے کے لیے آئینِ پاکستان کے آرٹیکلز 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی کا نفاذ ایک کڑوی مگر ناگزیر انتظامی ضرورت بن چکا تھا، تا کہ ریاست کی رٹ کو ہر قیمت پر برقرار رکھا جا سکے۔

اس عارضی اور اصلاحی آئینی بندوبست کے باوجود، وفاقی حکومت کا اصل ہدف خیبر پختونخوا کے عوام کی حقیقی فلاح و بہبود اور انہیں اس سیاسی بحران کے منفی اثرات سے محفوظ رکھنا ہے۔ ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کا مثبت اور تعمیری پہلو یہ ہے کہ اب وفاق براہِ راست صوبے کے انتظامی اور ترقیاتی ڈھانچے کی نگرانی کر کے بیوروکریسی کی کارکردگی کو بہتر بنا سکتا ہے اور تعطل کا شکار عوامی منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کر سکتا ہے۔ وفاقی حکومت کا یہ پختہ عزم ہے کہ صوبے کے نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور جدید ٹیکنالوجی کے مواقع فراہم کیے جائیں، اور اسی سلسلے میں اسلام آباد میں قائم کیا جانے والا جدید دانش سکول اس بات کا ثبوت ہے کہ غریب اور مستحق بچوں کو بین الاقوامی معیار کی مفت تعلیم دینا حکومت کا اولین مشن ہے۔ وفاق خیبر پختونخوا کے بجٹ اور این ایف سی ایوارڈ کے تحت اس کے جائز حصوں کی فراہمی میں نہ صرف مکمل شفافیت لائے گا بلکہ اس بات کو بھی یقینی بنائے گا کہ فنڈز کا بڑا حصہ امن و امان کی مستقل بحالی، پولیس کی جدید خطوط پر اپ گریڈیشن، اور ہسپتالوں و تعلیمی اداروں کی حالت زار بدلنے پر خرچ ہو، جس سے صوبے کے عوام کو یہ احساس ہو گا کہ وفاق ان کا حقیقی سرپرست ہے۔

پاکستان کا مستقبل نہایت روشن اور معاشی طور پر مستحکم ہے اور موجودہ سکیورٹی اور انتظامی چیلنجز عارضی ہیں۔ پاکستان اس وقت ایک طویل معاشی بحران کے بعد بتدریج استحکام کی طرف لوٹ رہا ہے، مہنگائی میں کمی آ رہی ہے اور بیرونی سرمایہ کاری کے نئے راستے کھل رہے ہیں، ایسے میں معاشی بحالی کے اس نازک سفر کو کسی بھی سیاسی انتشار یا داخلی بدامنی کی نذر ہونے سے بچانا وفاق کی سب سے بڑی مجبوری اور قومی فریضہ تھا۔ وزیراعظم شہباز شریف کے اقدامات سے یہ واضح پیغام ملتا ہے کہ یہ سخت فیصلے کسی ذاتی عداوت یا سیاسی انتقام کا عکاس نہیں، بلکہ ملک کو معاشی اور سکیورٹی کے بڑے حادثے سے بچانے کا ایک حفاظتی اقدام ہیں، اور وفاق اب بھی تمام اکائیوں کے ساتھ آئین کے دائرے میں رہ کر مخلصانہ تعاون کے لیے تیار ہے۔ خیبر پختونخوا کے غیور عوام کو یہ یقین دلانا ضروری ہے کہ یہ اقدامات ان کے حقوق پر قدغن نہیں، بلکہ انہیں ایک محفوظ، پرامن اور مستحکم ماحول فراہم کرنے کی ضمانت ہیں، اور جیسے ہی صوبے میں امن و امان کی صورتحال مثالی حد تک بہتر ہو گی، جمہوری اور سیاسی عمل اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ بحال کر دیا جائے گا کیونکہ یکجہتی، قانون کی حکمرانی اور خلوصِ نیت ہی وہ واحد راستہ ہیں جو ہمیں ایک عظیم قوم بنا سکتے ہیں۔

مودی کا وزیراعظم ہاؤس سے آؤٹ ہونے کا امکان

سعد اختر

حالات بتا رہے ہیں کہ مودی کا زوال شروع ہو چکا ہے- وہ بھارت کے پندرہویں وزیراعظم ہیں جو کئی خرابیوں کی جڑ بنے ہوئے ہیں- انتہا پسند لوگوں میں شمار ہوتا ہے- مودی کا پورا نام نریندر دامو در داس مودی ہے- جائے پیدائش وڈن نگر مہسانہ بھارتی ضلع گجرات اور تاریخ پیدائش 17 ستمبر 1950ء ہے- والد دامودر داس مولچند مودی اور والدہ ہیرابین تھیں- بھارتی جنتا پارٹی کے سربراہ ہیں- چھوٹی سی عمر میں ہی سیاست میں آ گئے، جبکہ ہندو قوم پرست تنظیم راشٹریہ سویم سیوک سے منسلک ہوئے- 2001ء سے 2014ء تک گجرات ریاست کے وزیر اعلیٰ رہے- 2014ء میں عام انتخابات میں حصہ لیا اور بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کر کے وزارتِ عظمیٰ کے منصب تک پہنچے- 2019ء میں دوبارہ انتخابات میں کامیابی حاصل کی، یوں ایک بار پھر وزیراعظم کے منصب پر فائز ہوئے- 2024ء میں تیسری بار بھی عام انتخابات میں کامیابی حاصل کی اور ایک بار پھر وزیراعظم کے عہدے کا حلف اٹھایا-

عالمی سطح پر نریندر مودی کو ایک انتہا پسند اور سخت گیر ہندو قوم پرست رہنما مانا جاتا ہے- کئی تنازعات اُن کی ذات سے جڑے ہوئے ہیں- گجرات کے وزیر اعلیٰ تھے تو 02 میں گجرات کے فسادات میں اُن کا نام آیا، جس میں ملوث پائے گئے- اسی وجہ سے کافی تنقید کی زد میں بھی رہے- اُن پر کئی مقدمات بھی بنے- تاہم بھارتی سپریم کورٹ نے تمام الزامات سے انہیں بری کر دیا-

مودی کے دورِ اقتدار میں جو پالیسیاں بنیں، آج بھی ہدفِ تنقید ہیں- خاص کر جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت (آرٹیکل 370) کا خاتمہ مودی کے سیاسی کردار کا ایک انتہائی گھناؤنا باب ہے- اس اقدام سے بھارت کا ''جمہوری چہرہ'' پوری دنیا میں بے نقاب ہوا اور یہاں پنپنے والی ''آمریت'' پوری دنیا میں اجاگر ہوئی- جس سے عالمی سطح پر بھارت کو آج بھی شرمندگی کا سامنا ہے- انتخابی جمہوریت کے اشاریے بتا رہے ہیں کہ بھارت اس حوالے سے دنیا میں 106 ویں نمبر پر ہے اور اُس کا سکور کم ہوتا جا رہا ہے- ہندوستانی تارکین وطن بھی آہستہ آہستہ ہندوستان کی شبیہ کو بدنما اور خراب کر رہے ہیں- جس سے بھارت کا مجموعی امیج دنیا میں رسوا اور متاثر ہے-

''فارن'' میں ہندوستانی شہریوں پر مجرمانہ مقدمات کی بھرمار ہے- جنسی ہراسگی، کرمنل گینگز، مالیاتی گھپلے، منی لانڈرنگ اور ٹارگٹڈ کلنگ میں ہندوستانی شہری ملوث پائے گئے ہیں- اُن پر بیسیوں مجرمانہ مقدمات اسی بنیاد پر قائم ہیں- کچھ بھارتی نیٹ ورکس کے ذریعے بوگس ویزوں کا دھندا بھی ہو رہا ہے- سخت امیگریشن اور اسکریننگ کے باوجود ایسے لوگوں پر قابو نہیں پایا جا سکا- جس سے ہندوستان کی بین الاقوامی ساکھ ایک بہت بڑا چیلنج بن گئی ہے-

ہندوستان پر عالمی سطح پر جہاں بہت سے الزامات ہیں، وہاں افراتفری، جرائم اور ثقافتی تکبر کو بھی بھارت سے ایکسپورٹ کیا جا رہا ہے- 2025ء میں کینیڈا میں قتل، بھتہ خوری اور منشیات پر مبنی جو جرائم ہوئے اُن میں زیادہ تر بھارتی شہری ملوث پائے گئے — 2026ء میں امریکی آپریشن ''ہارڈ بال'' کے دوران بھی ایسے بھارتی شہریوں کا سراغ ملا جن کا تعلق بین الاقوامی دہشت گرد نیٹ ورک سے تھا- اس آپریشن میں 24 گرفتاریاں ہوئیں اور 37 مدعا علیہان پر فرد جرم عائد کی گئی-

برطانیہ میں 2021ء اور 2024ء کے درمیانی عرصے میں جنسی جرائم میں ملوث بھارتی شہریوں کی سزاؤں میں 257 فیصد اضافہ ہوا جو غیر ملکی شہریوں میں سزاؤں کا انتہائی اونچا تناسب تھا- تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ 28 ہندوستانی یونیورسٹیوں سے ایک لاکھ سے زیادہ جعلی ڈگریوں کے حامل طالب علم بیرون ملک آئے جو ڈگریاں اُن کے پاس تھیں وہ اُس کے معیار پر پورا نہیں اترتے تھے- ایک سابق امریکی قونصلر نے ویزے کے لیے آنے والی درخواستوں اور اُن کے ساتھ مہیا ڈاکومنٹس کو بوگس اور جعلی قرار دیا، 80 سے 90 فیصد کی شرح سے فراڈ کا الزام لگایا-

کینیڈا میں انتخابات کے دوران بھارتی شہریوں پر مداخلت کا الزام بھی عائد کیا جاتا ہے- قانون اور مقامی ضابطوں سے انکار اور اُن پر عمل نہ کرنے کے باعث کینیڈین حکومت کا ردعمل بھارت کے خلاف مزید تیز ہو گیا ہے-

یہ ایسی چارج شیٹ ہے جس کا سامنا اس وقت نریندر مودی کو ہے- جو اپنی انتہا پسندانہ سوچ ترک کرنے سے گریزاں ہیں، جس سے بھارت کی تذلیل ہو رہی ہے اور دنیا بھر میں اُن کے لیے خیر سگالی ختم ہوتی جا رہی ہے- بھارت کے لیے یہ کوئی اچھا شگون نہیں- پاکستان، بھارت کا ہمسایہ ملک ہے- تاہم کبھی بھی بھارت کے پاکستان کے ساتھ اچھے اور ہمسائیگی والے تعلقات نہیں رہے- بھارت میں ہر آنے والی جماعت اور لیڈر نے پاکستان کے لیے بُرا ہی سوچا ہے اور بُرا ہی کیا ہے لیکن جب سے مودی وزیراعظم بنے ہیں، تعلقات اور سرحدی حالات زیادہ خراب ہوئے ہیں- بھارت میں معیشت اور امن و امان کے جو بگڑتے ہوئے مسائل ہیں اُس سے مودی نے ہمیشہ چشم پوشی کی ہے اور پاکستان کے معاملات میں مداخلت اور جنگ کی کوشش کرتے رہے ہیں جس کا انہیں کئی بار سخت جواب بھی ملا ہے- تاہم مودی ہیں کہ باز آنے سے گریزاں ہیں، کبھی ''را'' کے ذریعے افغانستان میں چھپے دہشت گردوں کو سپورٹ کرتے ہیں- ٹریننگ، اسلحہ اور مالی فنڈنگ فراہم کرتے ہیں اور کبھی پاکستان پر حملے کرتے ہیں- اب یہ ساری باتیں دنیا کے سامنے عیاں ہو چکی ہیں- افغانستان کی مدد سے بھارت خطے میں جو گل کھلا رہا ہے پاکستانی ایجنسیاں پوری طرح اُن سے باخبر ہیں- پاکستان ایسی عسکری قوت ہے جو بھارت کو ہر محاذ پر کسی بھی جارحیت اور حملے کا سخت اور منہ توڑ جواب دے سکتا ہے اور اُس نے دیا بھی ہے- پاکستان میں تمام دہشت گردی کا محرک مودی ہی ہے- صدر ٹرمپ اپنی گفتگو میں متعدد بار مودی کی وہ درگت بنا چکے ہیں کہ ''الاماں''-

مودی کو جان لینا چاہیے انتہا پسندی اور جنگوں کا زمانہ اب گزر گیا- بھارت نے کئی بار ہمیں آزمایا بھی ہے- یہ بات مودی کی سمجھ میں آ جانی چاہیے کہ جنگ اور انتہا پسندی اُس کے لیے سراسر خسارے کا سودا ہے- بھارت میں ایک ارب سے زیادہ لوگ بھوک اور مفلسی کا شکار ہیں- اقلیتوں کو اُن کے حقوق نہیں دیئے جا رہے- آرٹیکل 370 ختم کر کے جموں و کشمیر کی آزادی کو بھی سلب کیا ہے- بھارت میں رونما ظلم کی بہت سی داستانیں ہیں جو مودی سے جڑی ہوئی ہیں- انہی حرکات پر اُن کا سیاسی قد چھوٹا ہو رہا ہے- روز بروز نفرت بڑھ رہی ہے- قیاس کیا جا رہا ہے کہ آنے والے بھارتی عام انتخابات میں مودی بڑھتی ہوئی شدید عوامی نفرت کے باعث شاید یہ انتخاب نہ جیت سکیں اور ایوان وزیراعظم سے ہی ''آؤٹ'' ہو جائیں، ہمیشہ کے لیے-

بے نشاں قبر

عبداللہ طارق سہیل

ملتان میں ایک 15 سالہ بچے وسیم کو بجلی کے کام کی ایک بڑی ورکشاپ کے مالک توقیر نے یتیم خانے کے کارندے جواد سے مل کر قتل کر دیا۔ یہ نجی یتیم خانہ یتیم بچوں کو جبری مشقت کیلئے ورکشاپوں وغیرہ کو فراہم کرتا ہے۔ مقتول اس جبری مشقت سے تنگ آ کر ورکشاپ سے بھاگ گیا تو مالک توقیر نے جبری مشقت والے ادارے کے کارندے جواد سے مل کر اس کا تعاقب کیا اور اپنی گاڑی سے کچل کر اسے ہلاک کر ڈالا۔

پنجاب بچوں سے جبری مشقت اور ان کے قتل کے واقعات میں بہت آگے نکل گیا ہے۔ گھریلو اور جبری ملازم بچے دنیا بھر میں سب سے زیادہ جن علاقوں میں ھیں ان میں پنجاب بھی آتا ھے اور اس کی ذمہ دار موجودہ حکومت نہیں ہے۔ یہ کام جنرل مشرف کے دور میں شروع ہوا اور عمران خاں کے دور میں عروج پر پہنچا، اب پتہ نہیں، موجودہ صوبائی حکومت اس المیے پر کیوں توجہ نہیں دے رہی۔ آئے روز کسی نہ کسی ملازم بچے یا بچی کے مالکوں کے ہاتھوں قتل کی خبر آتی ہے، بعد میں کیا ہوا، یہ کسی کو معلوم ہے نہ کسی کو معلوم کرنے کی خواہش ہے۔ صحافی اور رپورٹر اس خبر کا پیچھا کرتے ہیں جو بک سکے، فروخت ہو سکے۔

ایک غریب، جبری مشقت، کے شکار کم عمر ''لاوارث'' بچے کے قتل کا فالو اپ بھی بے قیمت مال ہوا کرتا ہے۔ بے قیمت مال کا پیچھا کرنے والے کو کامیاب صحافی نہیں کہا جا سکتا۔

پنجاب ایسی ورکشاپوں یعنی قتل گاہوں اور انہیں ''مال'' سپلائی کرنے والے مذکورہ یتیم خانے جیسے ''نام نہاد'' رفاہی اداروں سے بھرا ہوا ہے، شاید مستقبل بعید ترین میں کوئی ایسی حکومت آ جائے جو بچوں کی جبری مشقت، ختم کرے، ایسے یتیم خانہ نما رفاہی اداروں پر ہاتھ ڈالے اور بچے قتل کرنے والوں کو سزا دلوائے۔ فی الوقت تو جو ہے، اسی کو جھیلنا ہو گا۔ مقتول یتیم اکیلا تھا، صف مخالف میں انتظامیہ ہے، اشرافیہ ہے، مقننہ ہے، منصفیہ ہے، طاقت ہے، دولت ہے، بندوق ہے۔ چنانچہ اس بچے نے مرنا ہی تھا۔

قاتل توقیر گرفتار ہے۔ دیکھنا بس یہی ہے کہ کتنے دن گرفتار رہے گا۔ خبر توجہ کا مرکز بن گئی ہے اس لئے مجبوری ہے، کچھ دن تو گرفتار رکھنا ہی پڑے گا۔ پھر یا تو تفتیشی ادارہ بے گناہ قرار دے کر چھوڑ دے گا جس طرح کل پرسوں راولپنڈی کی خاتون حنا جاوید کو قتل کرنے والے اس کے شوہر کو پنجاب کے تفتیشی ادارے نے بے گناہ قرار دے دیا ہے۔ غنیمت ہے کہ شوہر کو ''مظلوم'' قرار نہیں دیا۔ تفتیشی ادارے کی قیادت ایک بندوبستی ادارے کے سربراہ کر رہے ہیں۔ وہی بندوبستی ادارہ جو لوگوں کو نامعلوم وجوہ کی بنا پر پکڑتا ہے اور بعد ازاں یہ پکڑے جانے والے افراد، ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو جاتے ہیں۔

بندوبستی ادارے کے سربراہ بہت نیک شہرت والے آدمی ہیں، ملتان کا کیس بھی انہی کے سپرد کر دیا جائے تو کیا ہی اچھا ہو، بے گناہ توقیر باضابطہ طور پر بے گناہ قرار پائے گا، اس سے اچھی بات اور کیا ہو گی۔

مقتول وسیم یتیم تھا لیکن اس کی ماں زندہ تھی۔ مقتول ماں کے پاس کیوں نہیں رہتا تھا؟۔ اس سوال کا جواب ماں یا اس کے رشتے دار ہی دے سکتے ہیں۔ شاید ماں اتنی غریب تھی کہ بچے کی پرورش سے معذور تھی، اس لئے بچے کو جبری مشقت کے ادارے میں، اس کے نام ''یتیم خانے'' سے دھوکہ کھا کر ''جمع'' کرا دیا کہ چلو، یتیم خانہ ہے، دو وقت کی روٹی تو دے ہی دیا کرے گا۔ یا پھر کوئی اور وجہ ہو گی۔ شاید ماں کے پاس جو گھر تھا، وہ رشتہ داروں کی ''نظر'' میں تھا، اسی لئے بچے سے نجات حاصل کرنے کیلئے، کسی نہ کسی طور، ماں کو آمادہ یا مجبور کر دیا کہ وہ بچے کو یتیم خانہ کے نام والے جبری مشقت کے ''پولٹری فارم'' میں جمع کرا دے؟۔

یہ سب باتیں تحقیقات کے دائرے میں آنی چاہئیں۔ لیکن فی الوقت تو تحقیقاتی ادارے اس فکر میں پھنسے ہوں گے کہ بااثر توقیر کو کیسے بچانا ہے، بہت سے عزت دار بااثر سرگرم ہوں گے، حکام نے انہیں کہا ہو گا ابھی ٹھہر جاؤ، معاملہ گرم ہے، میڈیا کو یہ واردات پسند آ گئی ہے، وہ اسے ''بیچ'' رہا ہے، دو چار دن بعد اس ''گراھکی'' میں مندا آ جانے دو، پھر چھوڑ دیں گے۔

مقتول وسیم کو سپرد خاک کر دیا گیا، جنازے میں چند رشتہ دار تھے اور بس۔ کسی سیاسی، دینی، مذہبی، رفاہی جماعت کا کوئی عہدیدار آیا نہ کارکن۔ کسی وزیر، ایم پی اے، اے سی، ڈی سی، ایس ایچ او، عالم دین، پیر، مشائخ، مبلغ وغیرہ کا دور دور تک کوئی نشان نہیں تھا۔ مقتول کو بعد ازاں بے نام و نشاں قبر میں دفن کر دیا گیا۔

دانش سکولز: معیاری تعلیم سے روشن مستقبل تک

سید کامران حسن

دانش و حکمت ہماری رہنمائے کارواں
راستہ ہے کہکشاں، منزل ہماری آسماں

تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہوتی ہے اور ترقی یافتہ قومیں وہی ہیں جو اپنے بچوں کو بلاامتیاز معیاری تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرتی ہیں۔ اسی وژن کے تحت 2010 میں اُس وقت کے وزیر اعلیٰ پنجاب اور موجودہ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے دانش سکولز اینڈ سینٹرز آف ایکسی لینس اتھارٹی کی بنیاد رکھی، تا کہ غریب اور مستحق خاندانوں کے ہونہار بچے محض وسائل کی کمی کے باعث تعلیم سے محروم نہ رہیں اور یتیمی یا غربت ان کے روشن مستقبل کی راہ میں رکاوٹ نہ بنے۔ گزشتہ پندرہ برسوں میں یہ منصوبہ ایک مؤثر تعلیمی ماڈل کی صورت اختیار کر چکا ہے، جس کے تحت پنجاب کے نو پسماندہ اضلاع میں 20 دانش سکولز اور 14 سینٹرز آف ایکسی لینس قائم کیے گئے ہیں، جہاں 40 ہزار سے زائد طلبہ و طالبات تعلیم و تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ دانش سکولز محض تعلیمی ادارے نہیں بلکہ جدید بورڈنگ سکولز ہیں، جہاں طلبہ کو سمارٹ کلاس رومز، جدید لائبریریز، سائنس و کمپیوٹر لیبارٹریز، کتابیں، اسٹیشنری، یونیفارم اور دیگر ضروری تعلیمی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔ چوبیس گھنٹے طبی سہولیات، کیریئر کونسلنگ، کھیلوں اور غیر نصابی سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ کی جسمانی، ذہنی اور اخلاقی نشوونما پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ قابل اساتذہ اور قومی سطح کے کوچز کی رہنمائی میں بچوں کی صلاحیتوں کو نکھارا جاتا ہے، جبکہ انٹرمیڈیٹ میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو PEEF اسکالرشپس کے ذریعے اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ دوسری جانب سینٹرز آف ایکسی لینس میں میرٹ کی بنیاد پر معاشرے کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو صرف 20 روپے ماہانہ فیس میں معیاری تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ اس طرح دانش سکولز کا نظام تعلیم کو محض نصابی سرگرمیوں تک محدود رکھنے کے بجائے طلبہ کی جامع شخصیت سازی اور بہتر مستقبل کی تیاری پر توجہ دیتا ہے۔ دانش سکولز کا وژن پنجاب تک محدود نہیں بلکہ پورے پاکستان کے مستحق اور ہونہار بچوں کو معیاری تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کرنا ہے۔ اسی مقصد کے تحت پنجاب میں قائم اداروں میں سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کے طلبہ کے لیے 10 فیصد کوٹہ مختص کیا گیا۔ اب اس منصوبے کو قومی سطح پر وسعت دی جا رہی ہے اور پنجاب سے باہر بلوچستان، خیبر پختونخوا، سندھ، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں دانش سکولز کی تعمیر جاری ہے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے علاقے کری میں بھی دانش سکول قائم کیا گیا ہے، جہاں پانچویں، چھٹی اور ساتویں جماعتوں کی کلاسز شروع ہو چکی ہیں اور 360 طلبہ و طالبات زیر تعلیم ہیں۔ مزید برآں، اسلام آباد میں دانش یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی تعمیر جدید علوم اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس منصوبے کے ذریعے نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت، جدید ٹیکنالوجی، کمپیوٹنگ، تحقیق اور مستقبل کی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے مواقع فراہم کرنے کا ہدف ہے، تا کہ وہ عالمی تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر پاکستان کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ دانش سکولز کی کامیابی کا حقیقی اظہار ان طلبہ کی عملی زندگی میں کامیابیوں سے ہوتا ہے جو ان اداروں سے تعلیم حاصل کر کے میڈیکل، انجینئرنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، کاروبار اور دیگر شعبوں میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں اور اندرون و بیرونِ ملک پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں۔ گزشتہ پندرہ برسوں میں تقریباً پچاس ہزار سے زائد طلبہ کے عملی زندگی میں قدم رکھنے کا سفر اس حقیقت کو اجاگر کرتا ہے کہ مناسب مواقع، معیاری تعلیم اور بہترین رہنمائی کے ذریعے محروم طبقات کے بچوں کو بھی کامیابی کی نئی بلندیوں تک پہنچایا جا سکتا ہے۔ دانش سکولز محض تعلیمی اداروں کا ایک نیٹ ورک نہیں بلکہ ایک ایسے پاکستان کی تعمیر کا عزم ہیں جہاں غربت کسی بچے کی صلاحیتوں کی راہ میں رکاوٹ نہ بنے، میرٹ کو فروغ حاصل ہو اور ہر ہونہار طالب علم کو اپنے خوابوں کی تعبیر کا موقع ملے۔ علم و دانش کا یہ سفر ایک روشن، باصلاحیت اور خوشحال پاکستان کی جانب جاری ہے، کیونکہ آج کے نوجوان ہی کل کے ترقی یافتہ پاکستان کی بنیاد ہیں۔

پولیس افسر سے سوال کرنے کی سزا!

میاں حبیب

چند روز قبل سوشل میڈیا پر ایک دل دہلا دینے والا ویڈیو کلپ وائرل ہوا، جس میں سات آٹھ افراد ایک نہتے شخص پر پلاسٹک کے پائپوں سے بہیمانہ تشدد کر ظلوم کو دائرے میں گھیر کر چاروں طرف سے مارا جا رہا تھا اور تشدد کرنے والے بار بار اسے کان پکڑنے پر مجبور کر رہے تھے۔ جب وہ شدید مار پیٹ سے نڈھال ہو کر گر پڑا، تو اسے بے دردی سے زمین پر گھسیٹا گیا اور اس کے کپڑے پھاڑ دیے گئے۔ بظاہر یہ منظر دیکھ کر یوں محسوس ہوتا تھا جیسے کسی پرانی دشمنی کا بدلہ لیا جا رہا ہو اور وہ شخص تنہا اپنے دشمنوں کے ہتھے چڑھ گیا ہو، کیونکہ حملہ آوروں کے طیش سے صاف ظاہر ہوتا تھا کہ وہ اسے نشانِ عبرت بنانا چاہتے ہیں۔ اس ویڈیو کے وائرل ہونے پر جب دردِ دل رکھنے والے شہریوں اور انسانی حقوق کی تنظیموں نے گہرے دکھ اور غصے کا اظہار کیا، تو سنسنی خیز انکشاف ہوا کہ یہ واقعہ کسی ذاتی دشمنی کا شاخسانہ نہیں، بلکہ پولیس افسر کی انا کو تسکین پہنچانے اور حکامِ بالا کو خوش کرنے کی ایک گھناؤنی کوشش ہے۔

دستیاب معلومات کے مطابق، چند روز قبل گوجرہ میں ڈی پی او ٹوبہ ٹیک سنگھ کی کھلی کچہری منعقد ہوئی تھی، جہاں مقامی صحافیوں کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔ معمول کے مطابق کسی بھی سرکاری یا عوامی تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک اور نعتِ رسولِ مقبول سے ہوتا ہے، لیکن اس تقریب کا آغاز بلا تاخیر درخواستوں کی وصولی سے کر دیا گیا۔ جب ایک متاثرہ خاتون نے کھڑے ہو کر اپنی شکایت بیان کرنا چاہی، تو متعلقہ پولیس افسر نے اسے رعب دار لہجے میں بیٹھنے کی ہدایت کی اور بعد میں سننے کا کہا۔ اس کے بعد پولیس افسر نے مبینہ طور پر صرف مخصوص اور من پسند افراد کی درخواستیں وصول کیں۔ چند درخواستیں سننے کے بعد جب موصوف جانے لگے، تو وہاں موجود صحافیوں نے احتجاجاً سوال اٹھایا کہ "اگر آپ نے ہمارے سوالات کے جوابات ہی نہیں دینے تھے تو ہمیں یہاں کیوں بلایا گیا تھا؟" اس موقع پر ایک قومی اخبار کے مقامی نمائندے، ملک کامران یوسف (المعروف امجد اسلام امجد) نے شائستہ انداز میں نشاندہی کی کہ "آپ نے تقریب کے آغاز میں تلاوتِ کلامِ پاک اور نعتِ رسول کا اہتمام تک نہیں کیا اور یوں ہی کارروائی شروع کر دی!" صاحبِ بہادر صحافیوں کی بات کو ان سنی کرتے ہوئے وہاں سے رخصت ہو گئے۔ بعد ازاں صحافیوں نے پولیس افسر کے اس غیر ذمہ دارانہ رویے کے خلاف احتجاج کیا اور نعرے بازی کی، جسے موصوف نے اپنی انا کا مسئلہ بنا لیا۔

اس واقعے کے چند ہی روز بعد، جب امجد اسلام امجد فیصل آباد سے بذریعہ بس واپس گوجرہ پہنچے اور گڈاہ خانہ چوک میں بس سے نیچے اترے، تو سات آٹھ مسلح اوباشوں نے انہیں گھیر لیا۔ آؤ دیکھا نہ تاؤ، ان پر تشدد کا پہاڑ توڑ دیا گیا۔ گالیوں کی بوچھاڑ کی گئی اور جب کچھ راہگیروں نے بیچ بچاؤ کرانے کی کوشش کی، تو حملہ آوروں نے انہیں بھی سنگین نتائج کی دھمکیاں دے کر دور دھکیل دیا۔

اس داستانِ مظلومیت کا سب سے المناک اور دلچسپ پہلو تب سامنے آیا جب شدید زدوکوب کرنے کے بعد، ایس ایچ او سٹی پولیس اسٹیشن نے الٹا مضروب صحافی کے خلاف ہی مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس نے من گھڑت کہانی گھڑی کہ "محمد سیف اللہ ولد محمد شہباز چوک سے گزر رہا تھا کہ امجد اسلام امجد نے اسے موٹر سائیکل دے ماری، جس پر جھگڑا ہوا اور امجد اسلام امجد اور اس کے ساتھیوں نے اس کی جیب سے 2500 روپے اور کلائی پر بندھی گھڑی چھین لی۔"

اسی جھوٹے پرچے کی پاداش میں زخمی صحافی کو فوراً گرفتار کر کے حوالات میں بند کر دیا گیا۔ اسے بروقت طبی امداد دی گئی اور نہ ہی قانون کے مطابق اس کا شفاف میڈیکل چیک اپ کروایا گیا۔ اب جب شہری تنظیموں اور صحافتی برادری کی جانب سے اس کھلے ظلم کے خلاف آواز بلند کی گئی، تو پولیس نے جلدی میں اسے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھجوا دیا اور معاملے کو دبانے کے لیے کراس ورشن (متبادل موقف) کا سہارا لے لیا۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہی قانون کی حکمرانی ہے؟ اتنی اندھیر نگری کیوں ہے؟ ویڈیو ثبوت چیخ چیخ کر اصل حقیقت بیان کر رہے ہیں، لیکن اربابِ اختیار کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔

نوٹ:۔ کالم نگاروں کی اپنی رائے ہے اس سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بقیہ 1

اعزاز میں باضابطہ استقبالیہ تقریب وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوئی۔ وزیراعظم ہاؤس آمد پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان مصافحہ اور خوشگوار جملوں کا تبادلہ بھی ہوا۔ اس موقع پر دونوں ملکوں کے قومی ترانے بجائے گئے۔ تینوں مسلح افواج کے چاق وچوبند دستوں نے مالدیپ کے صدر کو سلامی دی اور گارڈ آف آنر پیش کیا۔ سلامی کے چبوترے پر مالدیپ کے صدر کے ہمراہ وزیر اعظم شہباز شریف بھی موجود تھے۔ مالدیپ کے صدر نے گارڈ آف آنر کا معائنہ بھی کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کابینہ کے ارکان اور وزیراعظم ہاؤس کے اعلیٰ حکام کا مالدیپ کے صدر کے ساتھ تعارف کرایا۔ مالدیپ کے صدر نے اس موقع پر اپنے وفد کا وزیراعظم سے تعارف کرایا۔ مالدیپ کے صدر نے وزیراعظم ہاؤس کے سبزہ زار میں پودا لگایا اور دونوں ملکوں کی ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا کی گئی۔ بعد ازاں پاکستان اور مالدیپ نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، سائبر سکیورٹی، ڈیجیٹل سکلز، صحت، تعلیم، دفاع، بحری سلامتی، زراعت، سیاحت، تجارت اور ماحولیاتی تحفظ سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے لیے مفاہمت کی 20 یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط کئے ۔ان ایم او یوز پر مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے تین روزہ سرکاری دورے کے دوران دستخط کیے گئے جو دوطرفہ سفارتی تعلقات کی 60ویں سالگرہ کے موقع پر 11 برسوں میں مالدیپ کے کسی صدر کا پہلا دورہ ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور صدر ڈاکٹر محمد معیزو بھی تقریب میں موجود تھے جبکہ دونوں ممالک کے نمائندوں نے پہلے سے دستخط شدہ دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان طے پانے والی مفاہمت کی یادداشتوں میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، سائبر سکیورٹی، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل مہارتوں اور ٹیکنالوجی و جدت کے شعبوں میں تعاون، منشیات اور ان کی تیاری میں استعمال ہونے والے کیمیائی اجزا کی غیر قانونی سمگلنگ واستعمال کی روک تھام اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں تعاون شامل ہے۔ صحت کے شعبے میں پاکستان کی ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی (ڈریپ) اور مالدیپ فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کے درمیان تعاون، طبی ماہرین کی بھرتی اور دفاعی تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشتیں بھی فہرست میں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ بحری سلامتی، زرعی تعاون اور ماہی گیری کے شعبوں میں بھی تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشت پر بھی دستخط کئے گئے۔ تعلیم اور انسانی وسائل کی ترقی کے حوالے سے پاکستان کے نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (نیوٹیک) اور مالدیپ کے درمیان تکنیکی و پیشہ ورانہ تعلیم وتربیت کے فروغ، اعلیٰ تعلیم، مہارتوں کی ترقی اور نوجوانوں وکھیلوں کے شعبوں میں تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشتیں بھی طے پانے والے معاہدوں میں شامل ہیں۔ دونوں ممالک نے فضائی رابطوں کے فروغ، سیاحت، فنون، ثقافت اور ورثے کے تحفظ کے شعبوں میں بھی تعاون پر بھی اتفاق کیا ہے جبکہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی تربیت، سول سروس کمیشن آف مالدیپ اور فیڈرل پبلک سروس کمیشن آف پاکستان اور سول سروس اکیڈمیوں کے درمیان تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشتیں بھی طے پانے والے معاہدوں کا حصہ ہیں۔ تجارت کے شعبے میں مالدیپ کی سٹیٹ ٹریڈنگ آرگنائزیشن اور پاکستان کی ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کے درمیان زرعی اجناس، خوراک اور دیگر مصنوعات کی تجارت میں تعاون جبکہ ماحولیاتی تحفظ کے شعبے میں بھی مفاہمت کی یادداشت شامل ہے۔ یہ معاہدے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے، ادارہ جاتی روابط مضبوط بنانے اور تجارت، تعلیم، صحت، ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں باہمی مفاد کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہیں۔ دریں اثناء وزیراعظم ہاؤس میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے تجارت، دفاع، صحت، تعلیم، ٹیکنالوجی، سیاحت، نوجوانوں کی استعداد کار میں اضافے اور موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مالدیپ کے صدر کا پاکستان کے پہلے دورے پر خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ مالدیپ کے صدر کا دورہ دونوں ممالک کے تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا اہم موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور مالدیپ کے درمیان تاریخی روابط اور باہمی دوستی ہے اور دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے تجارت، دفاعی تعاون، تعلیم، صحت، پولیس اور دیگر شعبوں میں شراکت داری بڑھانے پر بات چیت ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مالدیپ کے متعدد طلبہ پاکستان کی جامعات اور کالجوں میں تعلیم حاصل کر چکے ہیں خصوصاً صحت کے شعبے میں پاکستانی تعلیمی اداروں نے مالدیپ کے طلبہ کو مواقع فراہم کیے ہیں۔ باہمی تعاون کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اس وقت تقریباً 250 پاکستانی ڈاکٹرز اور طبی عملہ مالدیپ کے مختلف علاقوں میں انسانیت کی خدمت انجام دے رہے ہیں، پاکستان مستقبل میں بھی اس تعاون کو مزید وسعت دینے اور مالدیپ کی ضروریات کے مطابق معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور مالدیپ نے 20 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں کا تبادلہ کیا ہے جو دوطرفہ تعلقات کے مختلف شعبوں کا احاطہ کرتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان معاہدوں کو محض دستاویزات تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائے گا اور اس مقصد کے لیے بروقت فیصلوں اور تیز رفتار عمل درآمد کو یقینی بنانے کی کوشش کی جائے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان موجودہ تجارتی حجم ان کی حقیقی صلاحیت اور امکانات کی عکاسی نہیں کرتا، اس وقت دوطرفہ تجارت تقریباً 13.9 ملین ڈالر ہے تاہم دونوں ممالک کی قیادت نے بات چیت کے دوران اسے آئندہ دوسال میں 200 ملین ڈالر تک بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے مالدیپ کے صدر کی حمایت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک مشترکہ کوششوں سے اس ہدف کے حصول کے لیے کام کریں گے۔ انہوں نے مالدیپ میں پانچ سال کے دوران 50 لاکھ درخت لگانے کے ہدف میں معاونت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اس مقصد کے لیے ایک لاکھ زیتون کی قلمیں اور مختلف اقسام کے ایک لاکھ بیج فراہم کرے گا، یہ معاونت باہمی مشاورت سے فراہم کی جائے گی۔ وزیراعظم نے مالدیپ میں ڈیٹا سینٹرز کے قیام کے منصوبوں کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اس شعبے میں اپنی تکنیکی مہارت اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں مالدیپ کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بھی مختلف مقامات پر ڈیٹا سینٹرز قائم کیے گئے ہیں اور اس شعبے میں حاصل ہونے والا تجربہ مالدیپ کے لیے مفید ثابت ہوسکتا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے فلسطین کے مسئلے پر پاکستان کے اصولی مقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ایک آزاد، خودمختار اور متصل فلسطینی ریاست کے قیام کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالدیپ بھی فلسطینی عوام کے حقوق کی حمایت کرتا ہے اور پاکستان اس مقصد کے لیے اپنی آواز بلند کرتا رہے گا۔ وزیراعظم نے مقبوضہ جموں وکشمیر کے تنازعے پر پاکستان کے اصولی موقف سے مالدیپ کے صدر کو آگاہ کرنے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق تنازعے کے پرامن حل کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی جدوجہد اور حق خودارادیت کی حمایت سفارتی ذرائع اور تمام بین الاقوامی فورمز پر جاری رکھے گا تاکہ وہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کر سکیں۔ وزیراعظم نے سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے یکطرفہ بھارتی فیصلے پر پاکستان کے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی سطح پر نافذ العمل معاہدوں کا احترام لازم اور ضروری ہے اور مشترکہ آبی وسائل کو ہتھیار کے طور استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مختلف بین الاقوامی فورمز پر واضح کر چکا ہے کہ پانی اس کے لیے ایک ریڈ لائن ہے، پانی زندگی، تجارت، خوشحالی اور ترقی کا ذریعہ ہونا چاہیے نہ کہ دھمکیوں اور تنازعات کا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پانی انسانیت کی بقا کے لیے ناگزیر ہے بالخصوص زیریں علاقوں میں رہنے والی آبادیوں کے لیے اس کی اہمیت بنیادی نوعیت کی ہے۔

بقیہ 2

پارلیمنٹ میں لے جایا جائے اور اس حوالے سے وسیع تر سیاسی اتفاق رائے پیدا کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صنوبر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام پاکستان کی انتظامی تنظیم نو اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قومی مباحثے میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ کئی ماہ سے پاکستان میں گورننس کے موجودہ ماڈلز کی تشکیل نو یا انہیں برقرار رکھنے کے حوالے سے بحث جاری ہے، جو ایک مثبت پیش رفت ہے۔ اس قومی مکالمے میں یہ جائزہ لینا ضروری ہے کہ ویسٹ منسٹر طرز جمہوریت کس حد تک عوام کو مطلوبہ نتائج فراہم کر پا رہی ہے اور آیا انتظامی تقسیم اور رقبے کی موجودہ ترتیب بھی عوامی خدمات کی مؤثر فراہمی میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ کہیں انتظامی اکائیوں کی موجودہ تقسیم ہی ایسی مشکلات کا سبب تو نہیں بن رہی جن کی وجہ سے ایک نظام کو ناکام تصور کیا جا رہا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان اور ملک کے دیگر حصوں کے درمیان جغرافیائی وسعت کے فرق کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب سے آنے والے ان کے دوست اور ساتھی جب واہگہ بارڈر سے سفر شروع کر کے راجن پور کے قریب شاہوالی پہنچتے ہیں تو پنجاب کا علاقہ ختم ہو جاتا ہے، اور اس سفر میں تقریباً چھ سے سات گھنٹے لگتے ہیں۔ اس کے برعکس بلوچستان کے کسی ایک ضلع کے اندر ایک مقام سے دوسرے مقام تک سفر کرنے میں بھی دس گھنٹے لگ سکتے ہیں۔ یہ فرق صوبے کے جغرافیائی پھیلاؤ اور انتظامی ضروریات کو سمجھنے کے لیے کافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں انتظامی اصلاحات کی ضرورت کو اسی زمینی حقیقت کے تناظر میں دیکھنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس نوعیت کی اصلاحات کے لیے سب سے پہلے سیاسی اتفاق رائے ضروری ہے۔

بقیہ 3

محمد شہباز شریف کی جانب سے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کو گرم جوشی سے سلام اور نیک خواہشات پیش کیں۔ انہوں نے صدر اور ان کے وفد کا پاکستان میں گرمجوشی سے استقبال کیا۔ مالدیپ کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کے عزم کی تصدیق کرتے ہوئے وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم نے مالدیپ۔ پاکستان بزنس فورم میں مالدیپ کاروباری وفد کی شرکت کا خیرمقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ بزنس ٹو بزنس ملاقاتوں سے ٹھوس تجارتی اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا ہوں گے۔ صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے ان اور ان کے وفد کے لیے کیے گئے گرم جوش استقبال اور مہمان نوازی کی تعریف کی۔ انہوں نے پاکستان کے ساتھ اپنے قریبی تعلقات کو گہرا کرنے اور باہمی فائدہ مند تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے کی مالدیپ کی خواہش کا اظہار کیا۔

بقیہ 4

شراکت داری ناگزیر ہے۔ اس مقصد کے لیے کمیونٹی سطح پر تحفظِ جنگلات کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی، جبکہ نئے جنگلات اگانے کے لیے مقامی ضروریات اور ماحولیاتی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ترجیحات طے کی جائیں گی۔ عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر جنگلات نے کہا کہ وادی نیلم اپنے قدرتی حسن، سرسبز جنگلات اور قیمتی حیاتیاتی تنوع کے باعث خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔

بقیہ 5

2026 کے موقع پر ورلڈ بینک کے زیر اہتمام خصوصی پینل ڈسکشن سے خطاب کرتے ہوئے فاقی وزیر آئی ٹی نے پاکستان کے تجربات کی روشنی میں اے آئی کے محفوظ اور موثر نفاذ کے لئے چار بنیادی ستونوں کو ناگزیر قرار دیا۔ انہوں نے بتایا کہ نادرا کے 10 کروڑ سے زائد تصدیق شدہ قومی شناختی نظام کو آن لائن تصدیق اور شہریوں کی رضامندی کے ساتھ ایک جامع ڈیجیٹل شناخت میں وسعت دی جا رہی ہے تاکہ بغیر کسی انسانی مداخلت کے ذاتی نوعیت کی خدمات دی جاسکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ سٹیٹ بینک کے فوری ادائیگی نظام راست کو اس عمل سے جوڑا گیا ہے تاکہ اے آئی ماڈل جیسے ہی امداد کے مستحق خاندان کی نشاندہی کرے، یہ نظام فنڈز کی منتقلی کو فوری اور شفاف طریقے سے حقیقت میں بدل سکے۔ انہوں نے بتایا کہ ورلڈ بینک کے تعاون سے جاری ڈیپ منصوبے کے تحت پاکستان اپنا پہلا قومی ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر تشکیل دے رہا ہے جس کا مرکزی محور ڈیٹا ایکسچینج لیئر وصل ہے۔ اس محفوظ اور انکرپٹڈ نظام کے ذریعے سرکاری محکموں کے درمیان ڈیٹا کا تبادلہ ممکن ہوگا، جبکہ اسی پلیٹ فارم پر ایک مرکزی سٹیزن سپر ایپ اور محققین واسٹارٹ اپس کے لیے اوپن ڈیٹا ایکو سسٹم کو ڈ متعارف کرایا جا رہا ہے۔ ان اقدامات کو پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی کی جاری کردہ نیشنل ڈیٹا گورننس پالیسی کا قانونی تحفظ حاصل ہے، جس کے تحت سرکاری ڈیٹا کی درجہ بندی اور آڈٹ ٹریلز کو لازمی قرار دیتے ہوئے واضح کیا گیا ہے کہ اے آئی صرف انسانی فیصلوں میں مدد فراہم کرے گی مگر شہریوں کے حقوق کا حتمی فیصلہ خود صادر نہیں کرے گی۔ اپنے خطاب میں وفاقی وزیر نے پاکستان کے آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اپنے قومی پروگرام کے تحت ایک خودمختار اے آئی انفراسٹرکچر قائم کر رہی ہے تاکہ ملکی کمپیوٹ سہولت کے ذریعے پاکستانی ڈیٹا ملک کے اندر ہی پروسیس ہو اور اس کی معاشی قدر پاکستان میں ہی رہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اردو اور علاقائی زبانوں پر مبنی پاکستان کا اپنا پہلا لارج لینگویج ماڈل براق بھی تیار کیا جا رہا ہے تاکہ جدید ٹیکنالوجی ہر عام شہری کی دسترس میں ہو۔ انہوں نے ورلڈ بینک کے تعاون کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ بنیادی ڈھانچہ بچھانا ایک سست عمل دکھائی دیتا ہے، لیکن ایک بار جب یہ ڈیجیٹل پٹڑیاں تیار ہو جائیں تو اس پر ہر نئی اے آئی سروس کولانچ کرنا انتہائی تیز، سستا اور محفوظ ہو جاتا ہے۔

بقیہ 6

کے ترجمان کے مطابق اجلاس میں ریگولر اور سیلف فنانس اسکیم کے تحت ایم فل ایجوکیشن پروگرام کے نصاب، کورس آؤٹ لائنز اور دیگر تعلیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران بورڈ کے ارکان نے شعبہ تعلیم اور اس کے تعلیمی پروگراموں کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے ماہرانہ تجاویز پیش کیں۔ ترجمان کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے اپنے پیغام میں شعبہ تعلیم کے فیکلٹی ممبران اور بورڈ کے ارکان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ جامعہ تربت ہائر ایجوکیشن کمیشن کی گائیڈ لائنز اور یونیورسٹی کے اسٹریٹجک پلان 2026-30 کی روشنی میں تعلیمی نظم ونسق کو مزید مستحکم کرنے، نصاب کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے، تاکہ تعلیمی پروگرام عصر حاضر کے تقاضوں پر پورا اتر سکیں۔ چیئرپرسن محترمہ رقیہ میروانی نے بھرپور شرکت اور قیمتی تجاویز پیش کرنے پر تمام اراکین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان تجاویز اور سفارشات سے تعلیمی پروگراموں کی مسلسل بہتری میں مدد ملے گی۔ اجلاس میں یونیورسٹی آف تربت کے فیکلٹی ممبران ڈاکٹر منظور احمد، محترمہ مہناز بشیر اور کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ریاض احمد نے شرکت کی، جبکہ جامعہ بلوچستان کے ڈاکٹر عبدالناصر کیازئی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پنجگور عابد حسین، گرلز کالج تربت کی محترمہ ہما امداد اور یونیورسٹی آف تربت کی فیکلٹی ممبر ڈاکٹر مہناز اسلم نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 7

اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی ایم اے) اسلام آباد کیمپس میں تھوٹ لیڈرشپ لیکچر سیریز سے خطاب انہوں نے نوجوان پیشہ ور افراد پر زور دیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں پر اعتماد کریں، پاکستان کی ترقی کے امکانات کو پہچانیں اور ملک کو خوشحال مستقبل کی جانب لے جانے کے لیے خود کو تیار کریں۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ پاکستان جغرافیائی اعتبار سے ایک اہم محلِ وقوع، بڑی آبادی، فعال اداروں اور وسیع انسانی صلاحیتوں کا اثاثہ رکھتا ہے۔

بقیہ 8

میں ملاقات کی جس دوران باہمی دلچسپی کے امور، تعاون کے مختلف امکانات اور دوطرفہ روابط کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے اسلام آباد کی بطور دارالحکومت پاکستان اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے شہر کو ایک جدید، خوبصورت، کھیلوں کے فروغ کا مرکز، سیاح دوست اور ماحول دوست دارالحکومت بنانے کے وژن پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے ناروے کے سفیر کو سی ڈی اے کے جاری اقدامات سے آگاہ کیا، جن میں شہری ترقی، ماحولیاتی تحفظ، سیکٹرز کی ترقی، کھیلوں اور سیاحت کی سہولیات میں اضافہ اور ڈپلومیٹک انکلیو کی اپ گریڈیشن شامل ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد کو جدید، ترقی یافتہ، بہتر شہری سہولیات کے ساتھ ساتھ ماحول دوست مثالی دارالحکومت بنایا جائے گا۔ ملاقات کے دوران شہری ترقی، شہر کی خوبصورتی میں اضافے، ماحولیاتی تحفظ، شجرکاری اور کھیلوں و سیاحت کے فروغ سمیت باہمی تعاون کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ناروے کے سفیر سگوالڈ ہاؤگ نے اسلام آباد کی ترقی، خوبصورتی اور جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے سی ڈی اے کی جانب سے کی جانے والی شاندار کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں روابط کو مزید مضبوط بنانے اور تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ روابط کو مزید مستحکم بنانے اور مستقبل میں تعاون کے نئے امکانات تلاش کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ملاقات خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، جو پاکستان اور ناروے کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات، خیرسگالی اور باہمی تعاون کے جذبے کی عکاس ہے۔

بقیہ 9

رہائش گاہ کا دورہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا، مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لئے فاتحہ خوانی کی اور دعائے مغفرت کی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے لائبہ اعجاز کیس میں اب تک ہونے والی قانونی اور تفتیشی پیشرفت سے اہلخانہ کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس کیس کے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے پوری تفتیشی ٹیم نے دن رات محنت کی اور مظلوم خاندان سے کیا گیا وعدہ پورا کرنا ریاست اور حکومت کا اولین فرض تھا۔ مرحومہ لائبہ اعجاز کے والد نے اس موقع پر وزیراعظم پاکستان اور وزیر داخلہ محسن نقوی کی ذاتی دلچسپی اور انصاف کی فوری فراہمی پر دلی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے جذباتی انداز میں کہا کہ ہم نے ہمیشہ سنا تھا کہ ریاست ماں جیسی ہوتی ہے لیکن جس طرح ہماری داد رسی کی گئی آج ہمیں اس پر عملی یقین ہو گیا ہے۔ دورے کے دوران چیف کمشنر اسلام آباد، انسپکٹر جنرل اسلام آباد پولیس اور دیگر متعلقہ اعلیٰ افسران بھی ہمراہ موجود تھے۔

بقیہ 10

لیے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بورڈ آف گورنرز کا چیئرمین مقرر ہونے پر مبارک باد دی۔ وفاقی وزیر نے ان کی نیک خواہشات کا خیرمقدم کیا۔ ملاقات میں وفاقی وزیر احد چیمہ نے زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر اہم شعبوں کو مضبوط بنانے کے لیے وزیراعظم کی ترجیحات کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت معاشی ترقی کے فروغ کے لیے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسیاں اپنا رہی ہے۔ احد چیمہ نے کہا کہ حکومت ترقیاتی شراکت داروں اور کثیر جہتی سرمایہ کاری کو بھرپور معاونت فراہم کر رہی ہے، جبکہ تعاون اور سرمایہ کاری کو مزید سہل بنانے کے لیے بھی کام جاری ہے۔ وزیر اقتصادی امور نے پاکستان میں استعدادِ کار بڑھانے اور اصلاحاتی اقدامات کے لیے برطانیہ کے فارن، کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس (ایف سی ڈی او) کی معاونت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ایف سی ڈی او وزیراعظم آفس کے ساتھ مل کر حکومت کی جاری اصلاحاتی کوششوں پر قریبی تعاون کر رہا ہے اور اس پر ہم ان کے مشکور ہیں۔ جین میریٹ نے کہا کہ ایف سی ڈی او حکومتِ پاکستان کی معاونت جاری رکھے گا۔ انہوں نے معیشت کی بہتری کے لیے حکومتی کوششوں کو سراہا اور مختلف شعبوں میں جاری اصلاحات کو بھی قابلِ قدر قرار دیا۔ دونوں فریقین نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں قریبی روابط برقرار رکھنے اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات میں پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات، بشمول استعدادِ کار میں اضافے اور اصلاحاتی اقدامات، میں تعاون جاری رکھنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 11

لوگ لاپتہ ہو رہے ہیں اور شاہراہیں بند ہیں، لاتعلق لوگ لاپتہ ہو رہے ہیں ایسے حالات میں عوامی مسائل اور مشکلات پر آواز اٹھانا سیاسی جماعتوں اور کارکنان کا جمہوری حق ہے۔ اگر سیاسی جماعتیں عوامی مسائل کے خلاف جمہوری احتجاج اور مزاحمت نہیں کریں گی تو پھر کون کرے گا؟ جماعت اسلامی پرامن جمہوری جدوجہد کرنے والے سیاسی کارکنان کے خلاف ناجائز مقدمات کے اندراج اور ان کے نام فورتھ شیڈول میں شامل کرنے کی مذمت کرتی ہے۔

بقیہ 12

خواہشات کے پیغامات پہنچائیے۔ وزیر خارجہ نے مالدیپ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات کے فروغ کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار نے مالدیپ کے تجارتی وفد کی مالدیپ پاکستان بزنس فورم میں شرکت کا خیرمقدم کیا، مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے اپنے اور اپنے وفد کے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی کو سراہا۔ قبل ازیں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے اعزاز میں وزیراعظم ہاؤس میں باضابطہ استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعظم ہاؤس پہنچنے پر معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا، دونوں رہنماؤں کے درمیان مصافحہ اور خوشگوار جملوں کا تبادلہ ہوا۔ استقبالیہ تقریب کے آغاز پر دونوں ملکوں کے قومی ترانے بجائے گئے، مسلح افواج کے چاق وچوبند دستے نے معزز مہمان کو سلامی دی اور گارڈ آف آنر پیش کیا، مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ بھی کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مالدیپ کے صدر سے اپنی کابینہ کے ارکان کا تعارف کرایا جبکہ ڈاکٹر محمد معیزو نے وزیراعظم شہباز شریف سے اپنے وفد کے ارکان کا تعارف کرایا۔ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے وزیراعظم ہاؤس کے سبزہ زار میں پودا بھی لگایا، اس موقع پر دونوں ملکوں کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 13

کراتے ہوئے مداخلت کا مطالبہ کیا ہے۔ پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر شیخ احسان الحق، جنرل سیکرٹری طاہر محمود بٹ، سینئر نائب صدر شیخ یاسین اور نائب صدور شہباز قادر، رانا منظور حسین اور عامر حنیف نے اپنے بیان میں کہا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو متعدد بار کم از کم ٹیکس کی کیلکولیشن میں موجود غلطی سے آگاہ کیا جا چکا ہے لیکن بار بار نشاندہی کے باوجود مسئلہ حل نہیں کیا گیا۔ ٹیکس ریٹرن 2026 تیار کرتے وقت آئرس سسٹم کم از کم ٹیکس کا حساب درست طور پر نہیں کر رہا جس کے باعث ٹیکس دہندگان کو ریٹرن فائل کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ پاکستان ٹیکس بار کے عہدیداروں نے کہا کہ ٹیکس قوانین کے تحت ٹیکس کی درست کیلکولیشن اور ریٹرن فائل کرنے کے لیے قابل اعتماد نظام کی فراہمی ایف بی آر کی ذمہ داری ہے، اگر سسٹم میں قانونی دفعات کے برخلاف ٹیکس کا حساب لگایا جائے تو اس سے نہ صرف ٹیکس دہندگان متاثر ہوتے ہیں بلکہ ٹیکس نظام کی شفافیت اور اعتماد پر بھی سوالات اٹھتے ہیں۔ انہوں نے وفاقی ٹیکس محتسب سے مطالبہ کیا کہ وہ معاملے کا نوٹس لے، آئرس سسٹم میں کم از کم ٹیکس کی کیلکولیشن کا جائزہ لیا جائے اور ایف بی آر کو قانونی تقاضوں کے مطابق نظام کی اصلاح کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی جائے تاکہ ٹیکس دہندگان کو درست حساب کے مطابق ریٹرن جمع کرانے کا موقع مل سکے۔

بقیہ 14

کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی سے متعلق امور پارلیمان میں پیش نہیں کیے گئے۔ ایک بیان میں میاں رضا ربانی نے کہا کہ قومی سلامتی کے اہم امور پر پارلیمان میں کوئی بحث نہیں ہوئی، وفاقی حکومت آئین کے آرٹیکل 91 کی شق 6 کو فراموش نہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ آئین کے تحت سینیٹ اور قومی اسمبلی کے سامنے اجتماعی طور پر جوابدہ ہے۔ رضا ربانی نے کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان دفاعی معاہدہ بھی پارلیمان کے سامنے نہیں لایا گیا۔ سابق چیئرمین سینیٹ نے مطالبہ کیا کہ پارلیمان کا مشترکہ اجلاس فوری طلب کیا جائے، جواں کیمرا ہی کیوں نہ ہو، پارلیمان کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے۔

بقیہ 15

جی ٹی وی کو بتایا کہ پارٹی اراکین کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے روک دیا ہے، میری علی امین، شیخ وقاص اکرم، علی اصغر خان، سلمان اکرم راجہ سے بات ہوئی ہے، پوری پارٹی متحد ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہمارے ایم پی ایز متحد ہیں، انہوں نے بھی پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی نہیں کی اور نہ کریں گے، مجھے ان پر فخر ہے، بانی چیئرمین کو ان پر فخر ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہمارے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی تھے، ہیں اور رہیں گے۔

بقیہ 16

فنڈ (آئی ایم ایف) سے مشاورت کا فیصلہ کرلیا ہے، جس کے لیے ورچوئل مذاکرات ہوں گے۔ وزارتِ صنعت و پیداوار کے ذرائع کے مطابق آٹو پالیسی کا ابتدائی منظور شدہ مسودہ آئی ایم ایف کو ارسال کر دیا گیا ہے، دستاویزات کے مطابق آئی ایم ایف نے الیکٹرک گاڑیوں پر 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد کرنے کا مطالبہ کیا ہے تاہم متبادل ذرائع سے ٹیکس کی ممکنہ کمی پوری کرنے کی تجاویز بھی زیر غور ہیں۔ مجوزہ آٹو پالیسی میں 75 ہزار ڈالر سے زائد مالیت کی الیکٹرک گاڑیوں پر 10 فیصد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز دی گئی ہے، اس اقدام سے 75 ہزار ڈالر سے کم مالیت کی الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس کی شرح ایک فیصد رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس کے علاوہ دو کروڑ روپے سے زائد مالیت کی گاڑیوں پر اضافی فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کے معاملے پر بھی آئی ایم ایف سے مشاورت کی جائے گی۔ مجوزہ پالیسی میں مقامی طور پر تیار ہونے والی اور درآمد کی جانے والی ایک ہزار سی سی سے زائد انجن کی گاڑیوں پر آٹوموٹیو ڈویلپمنٹ لیوی عائد کرنے کی تجویز بھی شامل ہے۔ ذرائع کے مطابق مقامی طور پر تیار ہونے والی ایک ہزار سی سی سے زائد گاڑیوں پر 2 فیصد جبکہ 2001 سی سی یا اس سے زیادہ انجن کی حامل گاڑیوں پر 10 فیصد لیوی عائد کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ دستاویزات میں تخمینہ لگایا گیا ہے کہ آئندہ پانچ سال کے دوران گاڑیوں پر آٹوموٹیو ڈویلپمنٹ لیوی سے حاصل ہونے والی آمدن 37 ارب روپے سے بڑھ کر 188 ارب روپے تک پہنچ سکتی ہے۔ اسی طرح بسوں اور ٹرکوں پر مجوزہ لیوی کے ذریعے آئندہ پانچ سال میں آمدن 45 ارب روپے سے بڑھ کر 232 ارب روپے تک پہنچنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے

بقیہ 17

آباد میں 2015 کے قانون کے مطابق انتخابات کروانے کا حکم دیا گیا۔ اسپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن ظفر اقبال ملک نے بریفنگ دی کہ اسلام آباد میں چھ مرتبہ حلقہ بندیاں کی جا چکی ہیں، چار مرتبہ انتخابی شیڈول بھی جاری کیا گیا، آخری انتخابی پروگرام نو اکتوبر 2026 کو جاری کیا گیا تھا جس کے تحت فروری 2026 میں پولنگ ہونا تھی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ حکومت کے جاری کردہ صدارتی حکم کی مدت 6 ستمبر کو ختم ہوگئی، 14 اکتوبر کو حتمی حلقہ بندیاں شائع کر دی گئیں، وزارت داخلہ کو صدارتی حکم کی مدت ختم ہونے سے متعلق دو مرتبہ یاددہانی کے خطوط بھجوائے۔

بقیہ 18

بڈگام، پلوامہ اور کپواڑہ اضلاع کے 70 سے زائد دیہات تک پھیلا ہوا تھا۔ سروے سے معلوم ہوا کہ جن 600 گھرانوں کا جائزہ لیا گیا، ان میں سے (550) 91.7 فیصد گھرانوں میں پانی لانے کی ذمہ داری خواتین پر تھی، جبکہ 45 گھرانوں 7.5 فیصد میں یہ کام مرد سرانجام دیتے تھے۔ باقی پانچ گھرانوں میں یہ ذمہ داری مشترکہ تھی۔ مجموعی طور پر 497 گھرانوں کو پانی کی قلت کا سامنا تھا۔ سروے میں شامل 589 افراد 98.2 فیصد کا ماننا تھا کہ پانی کا بنیادی ڈھانچہ انفراسٹرکچر ناکافی ہے۔ بڈگام اور پلوامہ، دونوں اضلاع میں سروے کیے گئے 200 افراد نے سہولیات میں کمی کی نشاندہی کی۔ کپواڑہ میں، 200 میں سے 189 افراد 94.5 فیصد نے کہا کہ سہولیات ناکافی ہیں، جبکہ 11 افراد نے انہیں کافی قرار دیا۔ 122 گھرانوں میں پانی کا قریبی ذریعہ 500 میٹر سے زیادہ فاصلے پر تھا۔ گھر سے باہر جا کر پانی لانے والے 442 گھرانوں میں سے 89 گھرانوں کے افراد کو ہر بار پانی لانے کے لیے 30 منٹ سے زیادہ وقت صرف کرنا پڑتا تھا۔ صرف 100 گھرانوں کو ہفتے کے ساتوں دن پائپ لائن کے ذریعے پانی فراہم ہوتا تھا۔ خشک موسم کے دوران، 415 افراد 69.2 فیصد نے بتایا کہ وہ پائپ لائن کا پانی استعمال کرتے ہیں، 23238.7 فیصد چشموں یا ندی نالوں پر انحصار کرتے ہیں، اور 22.8 137 فیصد افراد پانی کے ٹینکروں کا استعمال کرتے ہیں۔ 117 جواب دہندگان 19.5 فیصد نے ٹیوب ویلوں یا ہینڈ پمپوں، 16.7 100 فیصد نے نلکوں، اور 12. 72 فیصد نے اجتماعی کنوں کے استعمال کا ذکر کیا۔ 568 جواب دہندگان 94.7 فیصد نے بتایا کہ پانی سے متعلق ذمہ داریوں کی وجہ سے ان کے کام کے اوقات میں کمی آتی ہے۔ تقریبا 87 فیصد افراد کا ماننا تھا کہ پانی کی قلت لڑکیوں کی تعلیم پر اثر انداز ہوتی ہے۔ یہ مشکلات صرف پانی لانے تک محدود نہیں ہیں۔ تقریبا 91 فیصد خواتین جواب دہندگان نے کہا کہ پانی کی قلت ان کی ماہواری کے دوران حفظانِ صحت پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔ ان نتائج نے مقبوضہ علاقے میں مودی حکومت کے ترقی اور ہر گھر ہر گھر میں پانی کے بلند بانگ دعووں کی کھوکھلی حقیقت کو بے نقاب کر دیا ہے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ بنیادی ڈھانچے میں بہتری کے دعووں کے باوجود، بڈگام، پلوامہ اور کپواڑہ میں زمینی حقائق کچھ اور ہی ہیں وہاں پائپ لائن کے ذریعے پانی کی فراہمی ناکافی ہے، پانی کے ذرائع بہت دور ہیں، اور گھر کی دہلیز پر پانی کی عدم دستیابی کا سارا بوجھ خواتین کو اٹھانا پڑ رہا ہے۔

بقیہ 19

ملاقات کے دوران سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی نے آنے والے معززین و عمائدین کا خیر مقدم کیا اور ان سے خوشگوار ماحول میں گفتگو کی۔

بقیہ 20

ہندو یاتریوں نے شرکت کی۔ تقریبات میں سیکڑوں پیدل یاتریوں سمیت ہندو برادری کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ بلوچستان کی پہلی ہندو خاتون اسسٹنٹ کمشنر کشش چوہدری کو تقریبات کے لیے فوکل پرسن مقرر کیا گیا اور انہیں انتظامات کی نگرانی کی ذمہ داری سونپی گئی۔ حکومت بلوچستان کے خصوصی تعاون سے ہنگلاج ماتا استھان آنے والے ہندو یاتریوں کے لیے مختلف انتظامات کیے گئے اور سہولیات فراہم کی گئیں۔ ہندو رہنما سینیٹر دنیش کمار نے مذہبی تہوار کے موقع پر بہترین انتظامات کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت کی تعریف کی۔ درگا اشٹمی کی تقریبات کا پُرامن انعقاد پاکستان میں اقلیتوں کی مذہبی آزادی، مذہبی رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 21

کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی

بقیہ 22

دوران اچانک ایک فریق کے مسلح افراد نے دوسرے مخالف فریق پر شدید فائرنگ شروع کردی جس سے گولیاں لگنے سے تین افراد محمد مرید فائق علی زخمی ہو گئے زخمیوں کو فوری طور پر ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا فائرنگ سے بھگدڑ مچ گئی اور لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا واقعے کی اطلاع پر مقامی پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور تحقیقات شروع کردی۔

بقیہ 23

نے سری نگر میں حریت کے اجلاس کے بعد جاری ایک بیان میں کہا کہ حق کی راہ پر گامزن ہونے کی بدولت، ہمیں اور ہمارے مشن کو اللہ تعالیٰ کی مکمل تائید حاصل ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ حقوق پر مبنی تحریکیں بھی ناکام نہیں ہوتیں؛ جبکہ ظالم قوتیں مٹ جاتی ہیں اور ان کے ہاتھ کچھ نہیں آتا۔ اجلاس میں کشمیری سیاسی قیدیوں کی حالتِ زار پر تشویش کا اظہار کیا گیا جن میں حریت کانفرنس کے چیئرمین مسرت عالم بٹ، شبیر احمد شاہ، محمد یاسین ملک، آسیہ اندرابی، ناہیدہ نسرین، فہمیدہ صوفی، نعیم احمد خان، ایاز محمد اکبر، پیر سیف اللہ، معراج الدین کلوال، ایڈووکیٹ شاہد الاسلام، فاروق احمد ڈار، ایڈووکیٹ میاں عبدالقیوم، بلال صدیقی، مولوی بشیر عرفانی، مشتاق الاسلام، ڈاکٹر حمید فیاض، فیاض حسین جعفری، ظفر اکبر بٹ، ایڈووکیٹ زاہد علی، غلام محمد خان سوپوری، فاروق احمد توحیدی، انسانی حقوق کے کارکن محمد احسن اونتو اور دیگر شامل ہیں، جو بھارت اور مقبوضہ علاقے کی مختلف جیلوں میں قید ہیں۔

بقیہ 24

سرکاری دورہ پاکستان کو دونوں ممالک کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کے فروغ میں اہم پیشرفت قرار دیتے ہوئے مالدیپ کے ساتھ اپنی قومی ترقیاتی ترجیحات میں پاکستان کے تعاون کو جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے درمیان وزیراعظم ہاس اسلام آباد میں ملاقات ہوئی۔ بعد ازاں دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطحی وفود کی سطح پر اجلاس بھی ہوا۔

بقیہ 25

کورومانیہ کے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لئے نئی ذمہ داریوں میں کامیابی کی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان رومانیہ کے ساتھ دیرینہ دوستی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آنے والے دنوں میں دونوں ممالک کے مابین دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔

بقیہ 26

مولانا فضل الرحمن سیاست کے سرخیل ہیں، ملک کی سیاست میں ان جیسا مدبر، زیرک اور تجربہ کار رہنما موجود نہیں۔ مولانا فضل الرحمن نے ہر مشکل مرحلے پر ملک کا ساتھ دیا ہے۔ جب بھی ملک میں سیاسی بحران آیا، جمہوریت کو خطرہ لاحق ہوا یا آئین پر آنچ آئی، مولانا نے ہمیشہ ملک کی خاطر ذاتی مفادات کو پس پشت ڈال کر قومی مفاد کو ترجیح دی۔ انہوں نے کہا کہ آج مولانا فضل الرحمن پر جو بے جا تنقید کی جا رہی ہے وہ بے حد تشویشناک ہے۔

بقیہ 27

نیشنل ہیریٹیج میوزیم، تاریخ (ہسٹری) میوزیم، پاکستان کی مسلح افواج (آرمڈ فورسز) کا میوزیم اور اسلامک میوزیم سمیت دیگر شعبوں میں کے عجائب گھر شامل ہوں گے جن کے ذریعے پاکستان کے تاریخی ورثے، اسلامی اقدار اور دفاعی خدمات کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔ یہ بات وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد کے علاقے ملپور کے دورے کے موقع پر میڈیا نمائندوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے بتائی۔ اس موقع پر وزیر مملکت برائے داخلہ، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، چیئرمین سی ڈی اے اور سپیشل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے دیگر اعلیٰ حکام بھی وزیر داخلہ کے ہمراہ موجود تھے۔

بقیہ 28

فراہم کرنے کے لیے جدید ڈیجیٹل ایپلی کیشن ''صحت دہلیز'' متعارف کروا دی ہے، جس کے ذریعے شہری 24 گھنٹے، سال کے 365 دن تجربہ کار طبی ماہرین سے مفت مشاورت حاصل کر سکیں گے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صحت کی سہولیات کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوام کی دہلیز تک پہنچانا حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایپ کی فعالیت کے پہلے ہی روز 791 سٹیشن کالز کے ذریعے شہریوں کو تجربہ کار ڈاکٹروں نے مفت طبی مشاورت فراہم کی، جو اس سہولت کی افادیت اور عوامی ضرورت کا واضح اظہار ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے وسیع رقبے، دور افتادہ آبادیوں اور بعض علاقوں میں طبی سہولیات تک رسائی کے مسائل کے پیش نظر جدید ڈیجیٹل ذرائع سے صحت کی خدمات کی فراہمی اہمیت رکھتی ہے۔ صحت دہلیز ایپ کے ذریعے شہریوں کو گھر بیٹھے طبی مشاورت میسر آئے گی، جس سے انہیں ابتدائی رہنمائی کے لیے طویل سفر اور غیر ضروری مشکلات سے بچنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں عوام کو سہولت فراہم کرنے اور دور دراز علاقوں میں طبی خدمات کی رسائی بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہمارا عزم ہے کہ گرمی میں جھلستے اور سردی میں ٹھٹھرتے عام بلوچستانی کو معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جائے اور جغرافیائی فاصلے کسی شہری کے لیے طبی رہنمائی کے حصول میں رکاوٹ نہ بنیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صحت دہلیز جیسی ڈیجیٹل سہولیات عوام اور طبی ماہرین کے درمیان رابطے کو آسان بنانے اور صحت کی خدمات کی فراہمی میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کی جانب اہم قدم ہیں۔ حکومت بلوچستان عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے صحت سمیت بنیادی شعبوں میں سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 29

انسپکٹر، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی، این اسٹاپ آفیسر اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع حب کے سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی، طبی عملے کی حاضری، ادویات کی فراہمی، غیر رجسٹرڈ میڈیکل اسٹورز اور عطائی ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی سمیت صحت عامہ سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 30

ہیومن سکیورٹی پروجیکٹس گرانٹ اسکیم پروگرام کے ذریعے اس پروجیکٹ کے لیے 44,025 امریکی ڈالر کی مالی امداد فراہم کی تھی۔ اس منصوبے کو کمیونٹی سروسز پروگرام نے مکمل کیا جو ایک غیر سرکاری تنظیم ہے۔ یہ تنظیم پاکستان بھر میں تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، صاف پانی، اور خواتین کو بااختیار بنانے کے ذریعے کمزور اور پسماندہ کمیونٹیز کی بہتری کے لیے کام کرتی ہے۔ تنظیم نے اسکول کی تعمیر کامیابی کے ساتھ مکمل کی ہے جس میں 8 کلاس رومز اور اسکول کی دیگر ضروری سہولیات جیسے پرنسپل کا دفتر، واش روم، کھیل کا میدان اور 250 طلبا کی کرسیاں شامل ہیں۔ نو تعمیر شدہ اسکول میں 240 اندراج شدہ طلبا کے لیے ایک محفوظ، آرام دہ اور جدید سیکھنے کا ماحول میسر ہے۔ جاپان کے سفیر اکاماتسو شوجی نے تقریب میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مشکل موسمی حالات کے باوجود پروجیکٹ کی کامیابی سے تکمیل پر وہ منتظمین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیم نہ صرف ایک بنیادی انسانی حق اور انسانی سلامتی کا بنیادی ستون ہے بلکہ ایک بہتر اور خوشحال معاشرے کی بنیاد بھی ہے اور بالخصوص لڑکیوں کی تعلیم پاکستان کے مستقبل کے لیے بہت ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں جاپان کے ترقیاتی تعاون کی بنیادی ترجیح تعلیم ہے۔ اکاماتسو شوجی نے پاکستان کی پائیدار ترقی کے لیے اپنی حمایت جاری رکھنے کے لیے جاپان کے عزم پر زور دیا اور امید ظاہر کی کہ یہ اسکول جاپان اور پاکستان کے درمیان دیرینہ دوستی اور تعاون کی لازوال علامت کے طور پر کھڑا رہے گا۔

بقیہ 31

افراد نے فائرنگ کر کے نوجوان محمد نعیم موقع پر ہلاک ہوگیا جبکہ واردات کے بعد ملزمان فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش اپنی تحویل میں لیکر سول اسپتال صحبت پور منتقل کردی جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی

بقیہ 32

کی بوگی پٹڑی سے اتر گئی کوئی جانی نہیں نہ ہونے کی اطلاع پولیس کے مطابق بھی پولیس تھانہ حاجی شہر کی حدود ڈنگڑے کے مقام پر کوئٹہ سے پشاور جانے والی مسافر ٹرین جعفر ایکسپریس کی سیکورٹی بوگی پٹڑی سے اتر گئی واقعے کی اطلاع پر پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ گئے اور ٹرین کی پٹڑی کو دوبارہ ریلوے ٹریک پر منتقل کرنے کے لیے اقدامات شروع کر دیے گئے ٹرین کی بوگی پٹڑی سے اترنے سے کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع موصول نہ ہوسکی جبکہ ٹرین اور مسافروں کی حفاظت کے لیے سکیورٹی سخت کردی گئی ڈ

بقیہ 33

تعداد اور یہ کہ ان طلبا کو کتنے وظائف دیے جا رہے ہیں ان کی تفصیل دریافت کی، لیکن محکمہ ایجوکیشن نے پوری تفصیل فراہم نہیں کی تاہم انہوں نے بتایا کہ مجموعی طور پر ملک بھر میں نیوٹیک کے زیر اہتمام 1535 ادارے کام کر رہے ہیں جن میں 792 پنجاب، 93 جموں کشمیر، 116 اسلام آباد اور صرف 93 بلوچستان سے ہیں جبکہ ان 93 میں سے 47 صرف کوئٹہ میں ہیں جبکہ بلوچستان کے 41 میں سے 20 اضلاع میں سرے سے کوئی ٹیکنیکل ادارہ وجود ہی نہیں رکھتا ہے۔ اس پر سینیٹر جان محمد بلیدی نے سخت احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے سوال کو کمیٹی میں دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نیو ٹیک بلوچستان میں ٹھیک طریقے سے کام نہیں کر رہا ہے وقت و حالات کا تقاضہ ہے کہ تکنیکی تعلیم پر خصوصی توجہ دی جائے لیکن حکومت اور اس کے ادارے عوام کی ضرورت پورا کرنے میں بری طرح ناکام ہیں۔ انھوں نے کہا کہ نیوٹیک اور محکمہ تعلیم سوالات کا ٹھیک انداز میں جواب بھی نہیں دے رہے ہیں اور وزیر تعلیم بھی پارلیمنٹ کو اہمیت نہیں دیتے ہیں اور نہ سوالات کے جوابات دینے کے لیے آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے حوالے سے بلوچستان یکسر نظرانداز ہے اس پر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے اور یہ بھی دیکھنا ہے جو اسکالرشپ دیئے گئے ہیں اور جن تعلیمی اداروں کو نیوٹیک سے منسلک کیا گیا ہے ان کے نتائج کس قدر درست ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے مسائل اہم ہیں ان پر دوبارہ سوالات جمع کیے جائیں گے اور اداروں کو بہتر کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔

بقیہ 34

کے ہمراہ اہم اجلاس ہوا، جس میں این ایچ اے اور نجکاری کمیشن نے 4 منصوبوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت لانے پر اتفاق کیا۔ اجلاس میں منصوبوں کی تیاری، مارکیٹنگ اور نجی شعبے کی شراکت سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ عبدالعلیم خان نے موٹروے ایم 10 کے 169 کلومیٹر طویل سیکٹر کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کرنے کی پیشکش کی۔

بقیہ 35

پر مبنی ایک آڈیو ریکارڈنگ منظر عام پر آ گئی، جس میں علی امین، سلمان اکرم راجہ پر شدید برہم دکھائی دیتے ہیں۔ لیک ہونے والی آڈیو میں علی امین گنڈاپور نے حکومت کے خاتمے اور موجودہ مشکلات کا تمام تر ملبہ سلمان اکرم راجہ کی پالیسیوں اور حکمت عملی پر ڈال دیا۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ آج ہم سلمان اکرم راجہ کی غلط پلاننگ کا خمیازہ بھگت رہے ہیں، نہ تو ان کو مکمل اختیار ملا اور نہ ہی وہ کچھ ڈیلیور کر سکے۔

بقیہ 36

ڈیجیٹل معیشت، ای گورننس اور ملک کے آئی ٹی انفراسٹرکچر کو مزید مضبوط بنانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر عالمی بینک نے پاکستان میں ڈیجیٹل اصلاحات اور آئی ٹی کے شعبے میں حکومتی اقدامات پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پیش رفت کو سراہا۔ عالمی بینک نے پاکستانی نوجوانوں میں ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ اور فری لانسنگ کے شعبے کو وسعت دینے کیلئے تکنیکی اور مالی معاونت جاری رکھنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور عالمی بینک نے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 37

داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری طالبہ لائبہ کے گھر گئے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے جعلساز کی جانب سے لوٹی گئی رقم لائبہ کے والد کے حوالے کی۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد بھی وزار کے ہمراہ موجود تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیر داخلہ محسن نقوی نے لائبہ کے والد کو 50 لاکھ سے زائد کی رقم دے دی۔ وزیر داخلہ نے لائبہ سے لوٹی گئی باقی رقم کی واپسی کی بھی یقین دہانی کروائی ہے۔

بقیہ 38

مسودے میں کہا گیا ہے کہ اتحاد مستقل نوعیت کا ہوگا اور کوئی بھی فریق ابتدائی 10 سال تک معاہدے سے الگ نہیں ہوسکے گا جب کہ 10 سال بعد کسی بھی ملک کو علیحدگی اختیار کرنے کیلئے کم از کم 3 ماہ قبل تحریری نوٹس دینا ہوگا۔ اس کے علاوہ فریقین دفاع، دفاعی صنعت اور سلامتی کے شعبوں میں قریبی تعاون کریں گے، فریقین معاہدے کے تحت حاصل خفیہ معلومات اور دستاویزات کی رازداری برقرار رکھیں گے اور قومی قوانین کی پابندی کریں گے۔ معاہدے کے تحت خفیہ معلومات اور دستاویزات فریقین کے سوا کسی بھی ریاست، کمپنی یا شخص کے ساتھ شیئر نہیں کی جائیں گی، ترکیے، پاکستان اور سعودی عرب میں سے کسی بھی ایک ملک پر بیرونی حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔

بقیہ 39

یورپی یونین کے وفد کے شعبہ سیاسی، تجارت و ابلاغ کے سربراہ مسٹر پیوٹر بوسٹرا نے وزارت قانون وانصاف میں خیرسگالی ملاقات کی جس میں دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان سکیورٹی، انسدادِ دہشت گردی اور علاقائی امور کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ گفتگو میں علاقائی صورتِ حال، مشرقِ وسطیٰ میں امن اور مذاکرات کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار اور یورپی یونین کے جنرلائزڈ اسکیم آف پریفرنسز پلس (GSP+) فریم ورک سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ بیرسٹر عقیل ملک نے مشترکہ مفادات کے فروغ، علاقائی امن واستحکام اور دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے لیے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان مسلسل رابطے اور تعمیری مکالمے کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے امور پر مسلسل تعاون اور روابط کی اہمیت کا اعادہ کیا گیا، جو پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات اور امن، سلامتی اور ترقی کے مشترکہ اہداف کے لیے باہمی تعاون کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔

بقیہ 40

پرعملدرآمد تمام ملکوں کی ذمے داری ہے۔

بقیہ 41

کمیونٹی کے لئے انتہائی اہمیت رکھتی ہے اور اسے بھی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت تعمیر کیا جا سکتا ہے۔ ان کے مطابق یہ ایکسپریس وے سکھ برادری کی مذہبی سیاحت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔ وفاقی وزیر نے این ایچ اے حکام کو ہدایت کی کہ مجوزہ منصوبوں کے لئے باقاعدہ بزنس پلان تیار کیا جائے اور ایسے منصوبوں کو ترجیح دی جائے جنہیں آسانی سے مارکیٹ کیا جاسکے اور نجی سرمایہ کاروں کی شراکت ممکن ہو۔ اجلاس میں سیالکوٹ، کھاریاں موٹروے ایم 12 کا بھی ذکر کیا گیا جو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت زیر تعمیر ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ این ایچ اے کی آمدن میں نمایاں اضافہ حوصلہ افزا ہے اور ادارہ مالی خودمختاری کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ این ایچ اے کو 500 سے 1,000 ارب روپے کا ادارہ بنانا چاہتے ہیں تاکہ اس کا انحصار حکومتی ترقیاتی پروگراموں اور سرکاری فنڈز پر کم ہو سکے۔ مشیر وزیراعظم برائے نجکاری محمد علی نے منصوبوں کی تیاری اور عملدرآمد کے لئے نجکاری کمیشن کی جانب سے این ایچ اے کو مکمل تعاون اور شراکت کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ این ایچ اے اور نجکاری کمیشن ابتدائی تیاریوں کا کام فوری مکمل کریں گے اور پیشرفت کا جائزہ لینے کے لئے ایک ہفتے بعد دوبارہ اجلاس منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس میں مری ایکسپریس وے کو کشمیر تک توسیع دینے کی تجویز پر بھی بات ہوئی۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ اس منصوبے سے سیاحت کے شعبے کو نمایاں ترقی مل سکتی ہے۔ اجلاس میں وفاقی سیکرٹری مواصلات، چیئرمین این ایچ اے اور نجکاری کمیشن کے کارپوریٹ سربراہ نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 42

سفارتی اور دفاعی کامیابیوں کو معاشی ترقی، سرمایہ کاری کے فروغ اور برآمدات میں اضافے کے مواقع میں تبدیل کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط دفاع کی بنیاد مضبوط معیشت ہے، پائیدار معاشی بنیادوں کے بغیر قومی سلامتی اور ترقی کے ثمرات دیرپا نہیں ہو سکتے۔ پروفیسر احسن اقبال نے دوسری جنگ عظیم کے بعد قائم ہونے والے عالمی نظام میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عالمی اداروں کو موجودہ دور کی ابھرتی ہوئی حقیقتوں اور بدلتے ہوئے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 43

ہے۔ وزیر اقتصادی امور نے پاکستان میں استعدادِ کار بڑھانے اور اصلاحاتی اقدامات کے لیے برطانیہ کے فارن، کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس (ایف سی ڈی او) کی معاونت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ایف سی ڈی او وزیراعظم آفس کے ساتھ مل کر حکومت کی جاری اصلاحاتی کوششوں پر قریبی تعاون کر رہا ہے اور اس پر ہم ان کے مشکور ہیں۔ جین میریٹ نے کہا کہ ایف سی ڈی او حکومتِ پاکستان کی معاونت جاری رکھے گا۔ انہوں نے معیشت کی بہتری کے لیے حکومتی کوششوں کو سراہا اور مختلف شعبوں میں جاری اصلاحات کو بھی قابلِ قدر قرار دیا۔ دونوں فریقین نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں قریبی روابط برقرار رکھنے اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات میں پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات، بشمول استعدادِ کار میں اضافے اور اصلاحاتی اقدامات، میں تعاون جاری رکھنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 44

کی بھی ہدایات کی اور کہا کہ سرکار کی 108 کنال زمین یہاں سے واگزار کرائیں گے، واگزار زمین پر 3 میوزیم بنائیں گے جن میں آرمی میوزیم بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے پرانے سیکٹرز جی سکس، جی سیون، جی نائن اور جی ٹین کی تعمیر نو کریں گے اور تجاوزات کا خاتمہ بلا تفریق کریں گے۔

بقیہ 45

کے جائزے کا حصہ ہیں۔ شہر میں گداگری سے متعلق شکایات موصول ہونے پر متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے کارروائیاں کی جاتی ہیں۔ گزشتہ ہفتے بھی کارروائیوں کے دوران 18 افراد کو گرفتار کرکے جیل بھجوایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پارکنگ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ (MCQ) کے تحت مخصوص پارکنگ مقامات کو لیز پر دیا جاتا ہے، جہاں سے حکومت کو آمدن حاصل ہوتی ہے۔ تاہم، غیر قانونی پارکنگ اور غیر مجاز موٹر سائیکل اسٹینڈز سے متعلق شکایات پر انتظامی ٹیمیں موقع کا معائنہ کرتی ہیں اور غیر قانونی پارکنگ ختم کروا دی جاتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دو روز قبل امداد چوک پر موٹر سائیکل اسٹینڈ قائم ہونے کی شکایت موصول ہوئی تھی۔ انتظامی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر جانچ پڑتال کی تو اسٹینڈ غیر قانونی ثابت ہوا، جسے فوری طور پر ختم کروا دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی شکایات کے ازالے، اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر فراہمی، گرانفروشی وذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور شہر میں غیر قانونی پارکنگ کے خاتمے کے لیے اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی۔

بقیہ 46

اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ داخلی سلامتی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مابین تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کا خواہاں ہے کیونکہ غیر قانونی امیگریشن اور انسانی سمگلنگ جیسے مشترکہ چیلنجز کا مؤثر حل مربوط رابطوں ہی سے ممکن ہے۔ اس موقع پر طلال چوہدری نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے مالدیپ کے وزیر داخلہ کو دوطرفہ تعاون کے فروغ کے لیے ہر ممکن تکنیکی و عملی معاونت کی یقین دہانی بھی کرائی۔ مالدیپ کے وزیر داخلہ علی احسان نے پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں برادر ممالک باہمی شراکت داری اور مشترکہ کاوشوں کے ذریعے درپیش سیکورٹی چیلنجز کا کامیابی سے مقابلہ کر سکتے ہیں۔ ملاقات میں سپیشل سیکرٹری داخلہ محمد شعیب اکبر اور وزارت داخلہ کے دیگر اعلیٰ افسران بھی شریک تھے۔

بقیہ 47

اور ترجیحات کے تعین کے تحت شروع کیا جائے تو نہ صرف قومی خزانے پر غیر ضروری بوجھ کم ہوگا بلکہ بجٹ میں مختص خطیر رقوم کے ضیاع کو روکنے اور عوامی وسائل سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے میں بھی مدد ملے گی۔ گورنر بلوچستان نے اس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے انتخاب میں عوامی ضروریات، معاشی افادیت، تعمیراتی پائیداری اور طویل المدتی فوائد کو بنیادی اہمیت دی جائے تاکہ منصوبوں کی تکمیل کے بعد ان کی دیکھ بھال کے لیے بھی مناسب انتظامات ہو سکیں اور قومی وسائل سے تعمیر ہونے والے اثاثوں کو دیرپا بنایا جا سکے۔

بقیہ 48

اپنی آرا اور تجاویز پیش کیں۔ وزیر تجارت جام کمال خان نے پاکستان کی برآمدات میں تنوع پیدا کرنے، ویلیو ایڈڈ مصنوعات کے فروغ، نئی بین الاقوامی منڈیوں کی تلاش، برآمد کنندگان کو درپیش رکاوٹیں دور کرنے، توانائی کی بڑھتی قیمتوں، نقل وحمل و مال برداری کے اخراجات، ٹیکسوں اور عالمی تجارتی حالات میں تبدیلیوں کے باعث پیدا ہونے والے مسائل کو کم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 49

بہتری آئے گی اور ترقی کے عمل میں ایک نئی رفتار پیدا ہوگی انہوں نے کہا کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات کی جانب سے ان منصوبوں پر پیش رفت کا تسلسل کے ساتھ جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جا سکے سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے مزید کہا کہ منصوبوں کی راہ میں حائل مالی یا تکنیکی نوعیت کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 50

راجن پور سٹی سے مزید 7 ایمبولینسز اور ایک ریسکیو وہیکل جائے حادثہ پر پہنچیں، مجموعی طور پر 11 ایمبولینسز اور 2 ریسکیو وہیکلز نے ریسکیو آپریشن میں حصہ لیا ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ کر امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ حادثے میں 10 افراد جاں بحق ہوئے جن میں مریم بی بی دختر حماد احمد، عمر 25 سال سکنہ تونسہ وہوا، ثروہ رشید دختر رشید احمد عمر 4 سال سکنہ تونسہ شریف، رشید احمد ولد اللہ وسایا عمر 45 سال سکنہ تونسہ شریف، محمد آصف ولد نا معلوم عمر 35 سال سکنہ ملتان، محمد کاشف ولد منظور احمد عمر 30 سال سکنہ کوٹ چھٹہ، لال ناز زوجہ نا معلوم عمر 75 سال سکنہ ڈیرہ غازی خان، محمد رستم ولد خان محمد عمر 26 سال سکنہ ڈیرہ اسماعیل خان، عبدالمنان ولد سونارا عمر 30 سال سکنہ ڈیرہ اسماعیل خان، محمد طارق ولد اللہ بخش عمر 40 سال سکنہ بستی لکھی وہوا اور شوکت ولد قادر بخش عمر 45 سال سکنہ تونسہ شریف شامل ہیں۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق 13 زخمی مسافروں کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، 24 شدید زخمیوں کو مزید علاج معالجہ کے لیے ڈسٹرکٹ ہسپتال راجن پور اور قریبی ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ مریم نواز نے بس حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے زخمی مسافروں کے بہترین علاج کا حکم دے دیا۔

بقیہ 51

کرتے ہوئے اسے ملکی معیشت اور آٹو صنعت کے لیے خوش آئند اقدام قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نئی آٹو پالیسی سے پاکستان میں کاروبار اور سرمایہ کاری کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے، آٹو پارٹس کی مقامی مینوفیکچرنگ کو فروغ ملنے سے ہزاروں افراد کو روزگار میسر آئے گا، مقامی صنعت مضبوط ہوگی اور پاکستان کی برآمدات میں بھی اضافہ ہو سکے گا۔ کامران خان نے کہا کہ الیکٹرک گاڑیوں کی درآمد پر ڈیوٹی میں کمی سے ان گاڑیوں کا استعمال بڑھنے کی توقع ہے، اس سے پیٹرول اور ڈیزل پر انحصار کم کرنے، درآمدی ایندھن کے اخراجات گھٹانے اور زرمبادلہ کی بچت میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پالیسی کا مؤثر نفاذ آٹو شعبے سے وابستہ تاجروں، صنعت کاروں اور صارفین کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ کامران خان نے اس پیش رفت پر وزیراعظم شہباز شریف، وزیر خزانہ، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان اقدامات سے پاکستان میں صنعتی سرگرمیوں، روزگار اور معاشی ترقی کو فروغ ملے گا۔


کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی سے مختلف شخصیات ملاقات کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت گندم کی درآمد سے متعلق کمیٹی کا اعلیٰ سطحی اجلاس

نائب وزیراعظم کا صارفین کو مارکیٹ میں قیمتوں کے اتار چڑھاؤ سے محفوظ رکھنے کیلئے غذائی تحفظ کے مضبوط اقدامات کی اہمیت پرزور

اسلام آباد(این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے صارفین کو مارکیٹ میں قیمتوں کے اتار چڑھا سے محفوظ رکھنے کیلئے غذائی تحفظ کے مضبوط اقدامات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ وفاقی اور صوبائی حکام کو قریبی رابطہ اور باہمی تعاون برقرار رکھنے ،ضرورت کے مطابق گندم کی درآمد کے طریقہ کار کو موثر بنانے اور ملک بھر میں اس کی بلاتعطل ترسیل یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

ڈپٹی کمشنر حب کی زیرصدارت ضلعی صحت کمیٹی کا اجلاس

حب (این این آئی) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر حب، میڈیکل سپرنٹنڈنٹس، ڈرگ (بقیہ 29 صفحہ 3پر)

دفاعی تعاون کو متعلقہ ملکی اور بین الاقوامی قوانین وضوابط کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا،خواجہ آصف

پاکستان دفاعی شعبے میں خود انحصاری، صنعتی تعاون، ٹیکنالوجی کی منتقلی کے مواقع تلاش کرے گا،وزیردفاع

اسلام آباد(این این آئی)وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ دفاعی تعاون کو متعلقہ ملکی اور بین الاقوامی قوانین اور ضوابط کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا۔یہاں سے جاری بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ دفاعی شعبے میں قابل اعتماد شراکت داروں کے ساتھ تعاون مضبوط بنانے کو اہمیت دیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بدر مفاہمتی یادداشت علاقائی امن اور استحکام کے فروغ کے مشترکہ عزم کی عکاس ہے، پاکستان دفاعی شعبے میں خود انحصاری، صنعتی تعاون، ٹیکنالوجی کی منتقلی کے مواقع تلاش کرے گا۔وزیر دفاع نے کہا کہ شراکت دار ممالک کی دفاعی صنعتوں کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے پر توجہ دی جائے گی،مشترکہ تحقیق وترقی اور صنعتی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے تعاون کوفروغ دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ دفاعی تعاون کو متعلقہ ملکی اور بین الاقوامی قوانین وضوابط کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا۔

پنجگور رچکان میں فائرنگ کا واقعہ ایک شخص زخمی

پنجگور (این این آئی) پنجگور رچکان میں فائرنگ کا واقعہ ایک شخص زخمی تفصیلات کے مطابق پنجگور کے علاقے چتکان میں نامعلوم گاڑی سواروں کی فائرنگ سے چتکان کے رہائشی شخص نظام ولد امام زخمی ہوگیا جسے اسپتال منتقل کیا گیا واقعہ کے بعد ملزمان فرار ہوگئے مزید تفتیش جاری ہے

بھارت کی جانب سے مسلمانوں کیخلاف ظالمانہ کارروائیاں قابل مذمت ہیں،سردار عتیق احمد خان

بنگالی مسلمانوں کو نشانہ بنا کر بے دخل کرنے اوران کی املاک مسمار کرنے کے واقعات میں اضافہ انتہائی تشویش ناک ہے

راولپنڈی (این این آئی)صدر آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس و سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے ہندوستان کی جانب سے حالیہ مسلمانوں کیخلاف ظالمانہ کارروائیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صرف مسلمانوں کیخلاف انسداد تجاوزات مہم کو انتقام اور تاریخ کی گھٹیا ترین سازش قرار دیا ہے، ناگاؤں، گولا گھاٹ اور ہوجائی اضلاع میں کی گئیں کارروائیوں جبکہ آسام میں پسماندہ برادریوں بالخصوص بنگالی مسلمانوں کو نشانہ بنا کر بے دخل کرنے اوران کی املاک مسمار کرنے کے واقعات میں اضافہ انتہائی تشویش ناک ہے۔


اسلام آباد، صدر مالدیپ ڈاکٹر محمد معزو اور وزیراعظم شہباز شریف کی موجودگی میں دونوں ممالک کے درمیان مختلف معاہدوں پر دستخط کئے جا رہے ہیں

جاز ورلڈ اور یونیسیف کے لیٹر آف انٹینٹ پر دستخط

مقصد ڈیجیٹل سہولتوں تک رسائی اور ہنگامی حالات میں امدادی کارروائیوں کو موثر بنانے کے لیے مشترکہ اقدامات کا جائزہ لیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے معروف ڈیجیٹل سروسز پلیٹ فارم جاز ورلڈ نے یونیسیف کے ساتھ ایک لیٹر آف انٹینٹ پر دستخط کیے ہیں جس کے تحت ڈیجیٹل سہولتوں تک رسائی بڑھانے، نوجوانوں کو بااختیار بنانے، آن لائن تحفظ کو فروغ دینے اور پاکستان بھر میں ہنگامی حالات میں ٹیکنالوجی کی مدد سے امدادی کارروائیوں کو مؤثر بنانے کے لیے مشترکہ اقدامات کا جائزہ لیا جائے گا۔

کچھی کے علاقے میں ٹرین کی بوگی پٹڑی سے اتر گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی کے علاقے ڈنگڑہ کے قریب ٹرین (بقیہ 32 صفحہ 3پر)

ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں معمولی اضافہ

اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر 2 پیسے کی کمی سے 278 روپے 61 پیسے کی سطح پر بند ہوئی

کراچی (این این آئی) زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں بدھ کو بھی ڈالر کے مقابلے میں روپیہ مضبوط رہا۔بدھ کو پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا کے ساتھ دفاعی صنعتی تعاون کے معاہدے اور مستحکم زرمبادلہ ذخائر کی وجہ سے انٹربینک مارکیٹ میں کاروبار کے تمام دورانئے میں ڈالر تنزلی سے دوچار رہا۔ ایک موقع پر ڈالر کی قدر 28 پیسے کی کمی سے 276 روپے 62 پیسے کی سطح پر بھی آ گئی تھی لیکن سپلائی میں بہتری رونما ہوتے ہی متعلقہ ریگولیٹر اور درآمدی ضروریات کی طلب بڑھنے سے کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر مزید 01 پیسے کی کمی سے 276 روپے 86 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

اشاروں کنایوں میں بتایا جارہا ہے سہیل آفریدی کسی سیف ہاؤس میں ہیں، سلمان اکرم راجہ

جھوٹ وہ پھیلا رہے ہیں جو کہہ رہے ہیں 40 ایم این اے ہمارے ساتھ رابطے میں ہیں، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ جھوٹ پھیلایا جارہا ہے کہ جنید اکبر اور وزیر اعلیٰ کی جگہ کوئی اور آئے گا، اشاروں کنایوں میں بتایا جارہا ہے۔

الیکشن کمیشن نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کردیا، پولنگ 20 دسمبر کو ہوگی

اسلام آباد(این این آئی)الیکشن کمیشن نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے شیڈول جاری کردیا، پولنگ 20 دسمبر اتوار کو ہوگی۔ بدھ کو الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کئے گئے شیڈول کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے لئے امیدواروں کی جانب سے کاغذات نامزدگی 2 سے 6 نومبر تک جمع کرائے جاسکیں گے۔

ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر عملی جامہ پہنانے کے لیے مؤثر حکمتِ عملی اختیار کریں، میر سلیم کھوسہ

نامساعد حالات کے باوجود ترقیاتی منصوبوں کو جاری رکھنا اور انہیں تکمیل کی جانب لے جانا قابلِ تحسین اقدام ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کی زیر صدارت صوبے میں جاری وفاقی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ چیف انجینئر خاران مکران زون چیف انجینئر سبی زون اور مختلف منصوبوں کے پروجیکٹ ڈائریکٹرز و دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کے دوران چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ نے صوبے میں جاری تمام وفاقی ترقیاتی منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت منصوبوں کی تکمیل کے لیے مقررہ ٹائم فریم درپیش مالی وتکنیکی مشکلات اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر سکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا کہ صوبے میں جاری وفاقی منصوبے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں جن کی تکمیل سے صوبے کے بنیادی ڈھانچے میں نمایاں (بقیہ 49 صفحہ 3پر)

پی ٹی آئی اور حکومت کے مذاکرات چند دنوں میں دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں، عامر ڈوگر

خیبر پختونخوا میں بانی چیئرمین کی مرضی کے بغیر کوئی وزیر اعلیٰ نہیں آ سکتا، چیف وہپ

اسلام آباد(این این آئی) پی ٹی آئی چیف وہپ عامر ڈوگر نے آئندہ دنوں میں مذاکرات دوبارہ شروع ہونے کا عندیہ دے دیا۔نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے عامر ڈوگر نے کہا کہ آئندہ کچھ دنوں میں مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں۔ بانی چیئرمین کی مرضی کے بغیر وزیراعلیٰ کی تبدیلی چاہنے والے 68 ارکان سے متعلق سلمان اکرم راجہ نے سخت مؤقف اپنایا ہے۔عامر ڈوگر کا کہنا تھا کہ پارٹی میں اندرونی اختلافات کی خبریں بے بنیاد ہیں، پارلیمانی پارٹی کے اندر کوئی اختلافات نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن لیڈران محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس پر مکمل اعتماد ہے۔


کوئٹہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایف بی آر نے تمام سرکاری ملازمین کا ڈیٹا فوری طلب کرلیا

معلومات نہ ہونے کی صورت میں بھی رپورٹ جمع کرائی جائے، ہدایت

اسلام آباد (این این آئی)ایف بی آر نے تمام سرکاری ملازمین کا ڈیٹا 27 اکتوبر تک طلب کرلیا۔ خواتین اقلیتوں اور خصوصی افراد کے کوٹے کی تفصیلات بھی دینا ہوں گی۔ایف بی آر نے وفاقی سیکرٹریٹ میں سندھ کے کوٹے کے تحت خالی آسامیوں کی تفصیلات بھی مانگ لیں۔ایف بی آر نے تمام متعلقہ افسران سے یکم جولائی 2026ء تک کا ملازمین کا سرکاری ڈیٹا مانگ لیا۔

بیرسٹر عقیل ملک سے یورپی یونین کے وفد کی ملاقات، سکیورٹی، انسداد دہشت گردی اور علاقائی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد(این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک سے یورپی ایکسٹرنل ایکشن سروس میں پاکستان کے لیے پالیسی افسر مسٹر کونراڈ ڈوڈا اور پاکستان میں (بقیہ 39 صفحہ 3پر)

علی امین گنڈاپور دوست نہیں، غلطی سے رشتہ دار ہیں، فیصل کریم کنڈی

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس کی تمام ضروریات پوری کی جائیں گی، گورنر کے پی کے

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور دوست نہیں، غلطی سے رشتہ دار ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس کی تمام ضروریات پوری کی جائیں گی۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ 13 سال کا حساب 11 دن میں نہیں ہوسکتا، تجاوزات کے خلاف کارروائی میں کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی۔

ملک بھر کے دکانداروں نے ایل پی جی، آٹا، دالیں، مرغی، گوشت اور دودھ کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کردیا

اسلام آباد(این این آئی) ملک بھر میں دکانداروں کی جانب سے ایل پی جی، آٹا، دالیں، مرغی، گوشت اور دودھ کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کر دیا گیا۔کراچی، لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور اور کوئٹہ سمیت بیشتر شہروں میں ایل پی جی 600 روپے فی کلو تک پہنچ گئی۔

پاکستان مالدیپ کے ساتھ اپنے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، آصف زرداری

آصف زرداری سے صدر مالدیپ ڈاکٹر محمد معزو کی ملاقات، دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون بڑھانے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور مالدیپ کے درمیان مضبوط سیاسی خیر سگالی کو تجارت، سرمایہ کاری، روابط اور عوامی سطح پر تبادلوں میں اضافے میں تبدیل کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان تعلیم، صحت، انسانی وسائل کی ترقی، ساحلی تحفظ اور پائیدار ترقی کے شعبوں میں مالدیپ کی معاونت کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے یہ بات مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو سے گفتگو کرتے ہوئے کہی جنہوں نے بدھ کو ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی۔ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

نصیرآباد کے علاقے چھتر میں مسلح افراد نے ایک سرکاری اہلکار کے گھر میں آگ لگادی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد کے علاقے چھتر میں مسلح افراد نے ایک سرکاری اہلکار کے گھر میں آگ لگادی جس سے گھر اور سامان جل گیا مسلح افراد فرار ہوگئے پولیس کے مطابق نصیرآباد کے علاقے چھتر گوٹھ میجی میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک سرکاری اہلکار ہمت علی کے گھر میں نامعلوم مسلح افراد نے آگ لگادی جس سے گھر وسامان جلکر راکھ ہوگیا۔

ترکیے، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مکہ دفاعی معاہدے کی توثیق کا بل ترک پارلیمنٹ میں پیش

معاہدے کے تحت تینوں ممالک میں سے کسی بھی ایک ملک پر بیرونی حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا

انقرہ (این این آئی) ترکیے، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مکہ دفاعی معاہدے کی توثیق کا بل ترک پارلیمنٹ میں پیش کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق معاہدے کے (بقیہ 38 صفحہ 3پر)

کینیا پاکستان تصویری نمائش، قدرتی حسن، ثقافت اور دوستی کا خوبصورت اظہار

اسلام آباد(این این آئی) کینیا اور پاکستان کے قدرتی مناظر، جنگلی حیات اور ثقافتی ورثے پر مشتمل تصویری نمائش نے دونوں ممالک کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے ثقافتی سفارت کاری، سیاحت اور باہمی تعاون کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔


کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ پریس کانفرنس کر رہی ہیں

پاکستان عوامی تحریک کی سنٹرل ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس

بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں، انتخابی حکمتِ عملی اور ملکی سیاسی صورتحال پر غور کیا گیا

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان عوامی تحریک کی سنٹرل ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس سیکرٹری جنرل خرم نواز گنڈاپور کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں، انتخابی حکمتِ عملی اور ملکی سیاسی صورتحال پر غور کیا گیا۔سنٹرل ایگزیکٹو کونسل اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عوامی تحریک بلدیاتی انتخابات میں حصہ لے گی۔خرم نواز گنڈاپور نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو منتخب بلدیاتی اداروں کے حق سے محروم رکھنا غیر آئینی ہے، مالی وانتظامی اعتبار سے بااختیار بلدیاتی ادارے ہوتے تو عوام پریشان حال نہ ہوتے۔

سینیٹر شیری رحمان کا امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے پاکستان کے حوالے سے بیان کا خیرمقدم

پاکستان ایک امن پسند ملک ہے اور ہمیشہ تنازعات کے حل کے لئے مذاکرات اور سفارتکاری کو ترجیح دیتا ہے، نائب صدر پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے پاکستان کے حوالے سے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور امریکا کے تعلقات باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لئے اہم ہیں۔بدھ کو پیپلز میڈیا سیل سے جاری بیان میں شیری رحمان نے کہا کہ امریکی وزیر خارجہ کا بیان پاکستان کی جغرافیائی اہمیت اور دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی ضرورت کا اعتراف ہے۔

اسلام آباد، جاپان کے تعاون سے طالبات کیلئے ماڈل پرائمری اسکول کا افتتاح کر دیا گیا

پاکستان میں جاپان کے ترقیاتی تعاون کی بنیادی ترجیح تعلیم ہے، اکاماتسو شوئچی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں جاپان کے سفیر اکاماتسو شوئچی نے حکومت جاپان کے تعاون سے اسلام آباد کے مضافاتی علاقے ترنول میں ٹائن گرلز ماڈل پرائمری اسکول کا افتتاح کیا۔حکومت جاپان نے گراس روٹس ہیومن سیکیورٹی پروجیکٹس گرانٹ اسسٹنس پروگرام کے ذریعے اس پروجیکٹ کے لیے 44,025 امریکی ڈالر کی مالی امداد فراہم کی تھی۔اس منصوبے کو کمیونٹی سروسز پروگرام نے مکمل کیا جو ایک غیرسرکاری تنظیم ہے۔

ایل پی جی مافیا نے 5 روز میں عوام کو ایک ارب 40 کروڑ روپے سے زائد کا ٹیکا لگا دیا

درجنوں بار اوگرا کے چیئرمین سمیت دیگر اعلیٰ حکام کو آگاہ کر چکے ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہورہی ہے، امپورٹرز ایسوسی ایشن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے عوام دنیا کی مہنگی ترین ایل پی جی خریدنے پر مجبور جبکہ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) سمیت تمام ادارے کی موجودگی میں مافیا نے صرف 5 روز میں عوام کے جیبوں سے ایک ارب 40 کروڑ روپے سے زائد ہڑپ کرلیا۔ ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عرفان کھوکھر کے مطابق پاکستان میں 60 سے 65 ہزار کلوگرام ایل پی جی روزانہ استعمال ہورہی ہے اور موسم کی تبدیلی کی وجہ سے ایل پی جی کی کھپت میں اضافہ ہورہا ہے۔

سہیل آفریدی آج بھی وزیراعلیٰ، وسوسہ پھیلانے والے سانپوں کو شکست ہوگی، سلمان اکرم راجہ

پی ٹی آئی کے اندرونی اتفاق پر اس وقت غیر جمہوری فیصلہ سازوں کا حملہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی قانون اور آئین کی رو سے آج بھی وزیراعلیٰ ہیں۔ وسوسہ پھیلانے والے سانپوں اور سنپولیوں کو شکست ہوگی۔جاری بیان میں سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اندرونی اتفاق پر اس وقت غیر جمہوری فیصلہ سازوں کا حملہ ہے۔انہوں نے کہا کہ بیانیہ پھیلایا جارہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے 68 ارکان بطور گروپ فیصلہ کرنے والے ہیں۔


اسلام آباد، نائب وزیراعظم/وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو ملاقات کر رہے ہیں

کشمیر چوک انڈر پاس اگلے 10 روز میں ٹریفک کے لئے کھول دیا جائے گا

اسلام آباد کا 17 سال پرانا جیل منصوبہ مکمل، جلد اسلام آباد کے سارے قیدی یہاں منتقل ہوں گے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کشمیر چوک انڈر پاس کو اگلے 10 روز کے اندر ٹریفک کے لئے کھول دیا جائے گا جبکہ اسلام آباد کا 17 سال سے زیرالتوا جیل کا پروجیکٹ بھی اب مکمل ہو چکا ہے جس کے افتتاح کے بعد اڈیالہ جیل سے دارالحکومت کے تمام قیدیوں کو یہاں منتقل کر دیا جائے گا، انڈر پاس پر کام کا آج 12واں دن ہے۔

مسیحی لڑکی کی عمر سے متعلق تنازع، وفاقی آئینی عدالت کا شادی شدہ جوڑے کو دوبارہ نوٹس

لڑکی کے عمر پر فریقین کو چاہیے تھا فیملی کورٹ سے رجوع کرتے، قائم مقام چیف جسٹس کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) مبینہ کم سن مسیحی لڑکی ماریہ شادی نظر ثانی کیس میں وفاقی آئینی عدالت نے شادی شدہ جوڑے شہر یار اور ماریہ کو دوبارہ نوٹس جاری کر دیا۔قائم مقام چیف جسٹس حسن رضوی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔دوران سماعت، جسٹس کے کے آغا نے ریمارکس دیے کہ یہ نظر ثانی کا کیس ہے، وکلا نشاندہی کریں فیصلہ میں غلطی کیا ہے۔

اسلام آباد میں شیشہ کیفوں پر تاحکم ثانی پابندی برقرار، عدالتی فیصلہ جاری

رولز ریگولیشن بننے تک اسلام آباد میں شیشہ کیفوں پر پابندی عائد رہے گی، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں شیشہ کیفوں پر تاحکم ثانی پابندی برقرار رکھی ہے۔اسلام آباد ہائیکورٹ کی جانب سے جاری تحریری فیصلے میں کہا گیا ہے کہ رولز ریگولیشن بننے تک اسلام آباد میں شیشہ کیفوں پر پابندی عائد رہے گی

ڈی جی امیگریشن کی زیرصدارت اجلاس، پاسپورٹ رولز میں ترامیم پر غور

اسلام آباد (این این آئی) ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت اجلاس میں جدید نظام سے ہم آہنگی کیلئے پاسپورٹ رولز میں مجوزہ ترامیم پر غور کیا گیا۔اجلاس میں پاسپورٹ خدمات کو جدید بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔

اسلام آباد، جاپان کے تعاون سے طالبات کیلئے ماڈل پرائمری اسکول کا افتتاح کردیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں جاپان کے سفیر اکاماتسو شوئچی نے حکومت جاپان کے تعاون سے اسلام آباد کے مضافاتی علاقے ترنول میں ٹائن گرلز ماڈل پرائمری اسکول کا افتتاح کیا۔حکومت جاپان نے گراس (بقیہ 30 صفحہ 3پر)

قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن ملکی سیاست کے محور اور سچے رہنماء ہیں، میر یونس عزیز زہری

خضدار (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء اور بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا ہے کہ جمعیت علمائے اسلام کے قائد (بقیہ 26 صفحہ 3پر)

چیئرمین پاک جاپان آٹو ٹریڈ ایسوسی ایشن کی آٹو پالیسی کی منظوری پر وزیراعظم کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) پاک جاپان آٹو ٹریڈ ایسوسی ایشن کے چیئرمین کامران خان نے وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے آٹو پالیسی کی منظوری کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے ملکی معیشت اور آٹو صنعت کے لیے خوش آئند اقدام قرار دیا ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نئی آٹو پالیسی سے پاکستان میں کاروبار اور سرمایہ کاری کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔

محسن نقوی کا ملپور میں مختلف قومی و تاریخی شعبوں کی نمائندگی کے حامل 8 بڑے عالمی معیار کے میوزیز تعمیر کرنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کے علاقے ملپور میں 150 ایکڑ اراضی پر مختلف قومی اور تاریخی شعبوں کی نمائندگی کے حامل 8 بڑے بین الاقوامی معیار کے میوزیز تعمیر کیے جائیں گے، ان میوزیز میں (بقیہ 27 صفحہ 3پر)

بلوچستان حکومت کی صحت کی سہولیات عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لیے اہم پیش رفت، ”صحت دہلیز“ ایپ فعال

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو گھر بیٹھے مفت طبی مشاورت کی سہولت (بقیہ 28 صفحہ 3پر)

شزہ فاطمہ خواجہ کی عالمی بینک کے نائب صدر سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے جنوبی کوریا کے دورے کے دوران عالمی بینک کے نائب صدر اوسمانے ڈیونے سے ملاقات کی جس میں پاکستان کی (بقیہ 36 صفحہ 3پر)

صحبت پور کے قریب مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور کے قریب مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک جبکہ ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق صحبت پور کے قریب عادل پور پولیس تھانے کی حدود پہنور سہنڑی بازار میں مسلح (بقیہ 31 صفحہ 3پر)

محسن نقوی نے لائبہ کے والد کو 50 لاکھ سے زائد رقم دے دی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مبینہ خودکشی کرنے والی طالبہ لائبہ کے والد کو 50 لاکھ روپے سے زائد کی رقم دے دی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر (بقیہ 37 صفحہ 3پر)

وہیر کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے تاجر ہلاک ہوگیا

خضدار (این این آئی) وہیر کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے تاجر ہلاک ہوگیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق بدھ کو وڈھ کے علاقے وہیر میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے تاجر فیاض احمد کو ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہوگئے پولیس نے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور مزید کارروائی شروع کردی۔

بلوچستان کے 41 میں سے 20 اضلاع میں سرے سے کوئی ٹیکنیکل ادارہ وجود ہی نہیں رکھتا ہے، سینیٹر جان محمد بلیدی

کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) نیشنل پارٹی کے سینیٹ میں پارلیمانی لیڈر سینیٹر جان محمد بلیدی نے سینیٹ آف پاکستان کے اجلاس میں بلوچستان و ملک بھر میں نیوٹیک (NAVTTC) کے ساتھ منسلک رجسٹر سرکاری و نجی ٹیکنیکی اداروں کی تعداد اور ان میں رجسٹر طلبا کی (بقیہ 33 صفحہ 3پر)

عدالتیں مستقبل کے ممکنہ قوانین کو روکنے کے لیے پیشگی فیصلہ نہیں کرسکتیں، اسلام آباد ہائیکورٹ

نیب ترامیمی آرڈیننس کی قانونی مدت ختم ہونے کے بعد وہ خود ہی منسوخ ہوچکا ہے، تحریری فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایک فیصلے میں ریمارکس دیے ہیں کہ عدالتیں مستقبل کے ممکنہ قوانین کو روکنے کے لیے پیشگی فیصلہ نہیں کرسکتیں جبکہ عدالت عالیہ نے نیب کی حراست میں جسمانی ریمانڈ کی مدت 14 سے بڑھا کر 40 روز کرنے کے آرڈیننس کے خلاف آئینی درخواست غیرموثر ہونے پر نمٹادی۔جسٹس انعام امین منہاس نے تحریری فیصلے میں قرار دیا کہ نیب ترامیمی آرڈیننس کی قانونی مدت ختم ہونے کے بعد وہ خود ہی منسوخ ہوچکا ہے۔

وزارتِ تجارت مختلف شعبوں کے مخصوص اور مشترکہ مسائل کو یکجا کرے گی، جام کمال

وزیرتجارت کی زیرصدارت اجلاس، برآمدکنندگان کے مسائل حل کرنے، صنعتی مسابقت بہتر بنانے اور پاکستان کی برآمدات میں اضافے کیلئے حکومتی عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان کی زیرصدارت برآمد کنندگان، صنعت کاروں اور کاروباری برادری کے نمائندوں کا مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں برآمد کنندگان کے مسائل حل کرنے، صنعتی مسابقت بہتر بنانے اور پاکستان کی برآمدات میں اضافے کیلئے حکومتی عزم کا اعادہ کیا گیا۔بدھ کو ہونے والے اجلاس میں وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے اجلاس میں آن لائن شرکت کی جبکہ وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی، وزیراعظم کے تجارت وصنعت سے متعلق رابطہ کار رانا احسان افضل خان، متعلقہ وزارتوں کے سیکرٹریز اور مختلف محکموں کے سینئر حکام بھی شریک ہوئے۔کاروباری برادری کے متعدد نمائندوں نے (بقیہ 48 صفحہ 3پر)

موٹرویز سمیت مختلف منصوبوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کرنے پر غور

وفاقی وزیر کی ایم 10 کے 169 کلومیٹر طویل سیکٹر کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کرنے کی پیشکش

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے موٹرویز سمیت مختلف منصوبوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کرنے پر غور شروع کردیا۔تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے بتایا کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے موٹرویز سمیت مختلف منصوبے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کرنے پر غور کیا جارہا ہے اور پہلے مرحلے میں 4 منصوبوں کو اس نظام کے تحت لانے پر اتفاق ہوا ہے اس سلسلے میں وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت مشیر وزیر اعظم برائے نجکاری محمد علی (بقیہ 34 صفحہ 3پر)


کوئٹہ: موچی اور دیہاڑی دار مزدور باچا خان چوک کے قریب اپنے کام کے اوزاروں کے ساتھ کام کی تلاش میں بیٹھے ہیں

امریکی ٹیک کمپنیاں پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں، پاکستانی سفیر

پاک۔امریکا اقتصادی تعلقات میں جدید ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری، تزویراتی اہمیت کی حامل ہے، رضوان سعید شیخ

ڈیلاس (این این آئی)سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے امریکی ٹیک کمپنیوں کو پاکستان میں اشتراکِ عمل کے وسیع اور منافع بخش مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دی ہے۔سفیرِ پاکستان رضوان سعید شیخ نے ڈیلاس، ٹیکساس میں پاک۔امریکا ٹیک کنیکٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے تکنیکی تعاون، سرمایہ کاری اور طویل مدت کاروباری ساجھے داریوں کے فروغ پر زور دیا۔

بلوچستان میں گندم کے سرکاری ذخائر ختم، آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

گندم کے ذخائر کی کمی اور آٹے کی بڑھتی قیمتوں نے ممکنہ غذائی بحران کے خدشات بڑھا دیے ہیں، رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں گندم کے سرکاری ذخائر کی عدم دستیابی اور اوپن مارکیٹ سے مہنگے داموں گندم کی خریداری کے باعث آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوگیا۔کوئٹہ میں ایک ماہ کے دوران 50 کلو فائن آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 2 ہزار روپے جبکہ چکی کے 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 600 روپے اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔فلور ملز مالکان نے خبردار کیا کہ صورتحال برقرار رہی تو 50 کلو آٹے کا تھیلا 10 ہزار روپے تک پہنچ سکتا ہے۔

علی امین گنڈاپور کی سلمان اکرم راجا سے متعلق مبینہ آڈیو لیک ہوگئی

سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے حکومت برخاستگی کا ذمہ سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی کو قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی): سابق وزیراعلی خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کی سلمان اکرم راجا سے متعلق مبینہ آڈیو لیک ہوگئی، جس میں انھوں نے حکومت کی برخاستگی کا ذمہ دار سلمان اکرم راجہ کو قرار دیا ہے۔تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کی قیادت کے درمیان اندرونی اختلافات ایک بار پھر کھل کر سامنے آ گئے ہیں۔سابق وزیراعلی خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور اور پارٹی کے مرکزی سکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کے درمیان سخت جملوں کے تبادلے (بقیہ 35 صفحہ 3پر)

راجن پور میں تیز رفتار مسافر بس کو حادثہ، 10 افراد جاں بحق، 37 زخمی

واقعہ راجن پور میں انڈس ہائی وے بنگلہ ہدایت کے قریب پیش آیا جہاں تیز رفتار بس ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر الٹ گئی، ریسکیو

راجن پور/لاہور (این این آئی) راجن پور میں صبح سویرے سویرے انڈس ہائی وے پر ستارہ پمپ نزد بنگلہ ہدایت کے قریب کراچی سے ڈی جی خان جانے والی عادل شاہ مسافر بس زیرتعمیر سڑک کے ڈیوائیڈر سے ٹکرانے کے باعث خوفناک حادثے کا شکار ہوگئی جس کے نتیجے میں 10 افراد جاں بحق اور 37 زخمی ہوگئے۔ریسکیو 1122 حکام کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی فوری طور پر امدادی کارروائی کا آغاز کیا۔ڈپٹی کمشنر راجن پور عمران حسین رانجھا، اسسٹنٹ کمشنر روجھان محمد اشرف صالح اور ریسکیو کے ڈسٹرکٹ انچارج ڈاکٹر محمد اسلم بھی اطلاع ملتے ہی جائے حادثہ پر پہنچے، بنگلہ ہدایت پوائنٹ سے ایک ایمبولینس، روجھان ریسکیو اسٹیشن سے 3 ایمبولینسز اور ایک ریسکیو وہیکل جبکہ (بقیہ 50 صفحہ 3پر)

ایس سی او وزرائے ثقافت اجلاس، بھارت کی جانب سے پاکستان کو دعوت نامہ موصول

بھارت کی جانب سے دعوت نامے کا جائزہ لیا جارہا ہے، ذرائع وزارت خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے ثقافت کا اجلاس 20 اور 21 نومبر کو نئی دہلی میں ہوگا۔ بھارت کی جانب سے بھیجا گیا دعوت نامہ پاکستان کے وزیر ثقافت اورنگزیب خان کھچی کو مل گیا۔ذرائع وزارت خارجہ کے مطابق بھارت کی جانب سے دعوت نامے کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ایس سی او وزرائے ثقافت کا دوروزہ اجلاس نئی دہلی میں شیڈول ہے۔

کوئٹہ؛ تعمیراتی کمپنی کی مشینری کو نامعلوم افراد نے آگ لگا دی

فائر بریگیڈ کی دو گاڑیاں آگ پر قابو پانے میں مصروف ہیں، رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) مغربی بائی پاس پر جبل نور کے قریب تعمیراتی کمپنی کی مشینری کو نامعلوم افراد نے آگ لگا دی۔فائر بریگیڈ ذرائع کے مطابق آگ نے بھاری مشینری کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، فائر بریگیڈ کی دو گاڑیاں آگ پر قابو پانے میں مصروف ہیں۔فائر بریگیڈ کی مزید گاڑیاں بھی روانہ کی جارہی ہیں۔

چیئرمین پاک جاپان آٹو ٹریڈ ایسوسی ایشن کی آٹو پالیسی کی منظوری پر وزیراعظم کو مبارکباد

الیکٹرک گاڑیوں کی درآمد پر ڈیوٹی میں کمی سے ان گاڑیوں کا استعمال بڑھنے کی توقع ہے، کامران خان

اسلام آباد (این این آئی) پاک جاپان آٹو ٹریڈ ایسوسی ایشن کے چیئرمین کامران خان نے وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے آٹو پالیسی کی منظوری کا خیرمقدم (بقیہ 51 صفحہ 3پر)


زیارت، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر زیارت ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت مسجد کی تعمیر پر کام جاری ہے